اور ہمارے سینوں کو کشادہ فرمائے اور ہمارے دلوں کو پاک فرمائے اور ہمارے معاملات کو آسان فرمائے

وَتُرَوِّحُ بِهَا اَرْوَاحَنَا وَتُقَدِّسُ بِهَا اَسْرَارَنَا وَتُنَزِّهُ بِهَا خَوَاطِرَنَا

اور ہماری روحوں کو راحت بخشے اور پاکیزہ فرمائے ہمارے اندرون کو اور منزہ فرمائے ہمارے خیالات کو

وَاَفْكَارَنَا وَتُصَفِّيْ بِهَا كُدُوْرَاتِ مَا فِيْ اَسْرَارِنَا وَتُنَوِّرُ بِهَا بَصَرَنَا

اور افکار کو اور صاف فرمائے بطفیل اس کے وہ کدورتیں۔ جو ہمارے باطنوں میں ہیں اور منور فرمائے ہماری بصیرتوں

وَاَبْصَارَنَا وَتُعَمِّرُ بِهَا اَوْطَانَنَا وَدِيَارَنَا وَتَشْفِيْ بِهَا اَمْرَاضَنَا وَتُكَثِّرُ

اور بصارتوں کو اور آباد فرمائے ہمارے وطنوں کو اور علاقوں کو اور شفا دے ہماری بیماریوں کو اور زیادہ فرمائے

بِهَا اَمْصَارَنَا وَتَفْتَحُ بِهَا اَقْفَالَ قُلُوْبِنَا بِنُوْرِ الْفَتْحِ الْمُبِيْنِ وَ

ہمارے شہروں کو اور کھولے بطفیل اس کے ہمارے دلوں کے تالے اپنی فتح مبین کے نور کے ساتھ اور

تُنْقِحُ لَنَا بِهَا طَهَارَةً ظَاهِرًا وَّبَاطِنًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

خالص کرے بطفیل اس کے ہماری ظاہری و باطنی طہارت کو۔ اے اللہ صلواۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمد پر

صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ هَوْلِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَزَلَازِلِهٖ وَتَعِبِهٖ يَا وَدُوْدُ يَا

جس صلواۃ کے طفیل ہمیں نجات دے قیامت کی ہولناکیوں سے اور اس کے زلزلوں اور مشقتوں سے اے وَدُوْدُ۔ اے

جَوَادُ يَا سَرِيْعَ الرَّحْمَةِ صَلٰوةً تَسْتَجِيْبُ بِهَا دُعَآئَنَا وَتُزَكِّيْ بِهَا نُفُوْسَنَا

صاحب جود و کرم۔ اے جلدی پہنچنے والی رحمت کے مالک ایسی صلواۃ بھیج جس کے طفیل قبول فرمائے ہماری دعا کو اور پاک فرمائے

وَتُحْيِيْ بِهَا قُلُوْبَنَا وَتُحِلُّ بِهَا الْعُقَدَ وَتُفَرِّجُ بِهَا الْكُرَبَ وَيَجْرِيْ بِهَا

ہمارے نفوس کو اور زندہ فرمائے ہمارے قلوب کو اور کھولے اس کے طفیل بندشیں اور دور کرے شدتیں اور جاری ہو بطفیل اس کے

لُطْفُكَ فِيْ اَمْرِيْ وَاُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ وَبَارِكْ لَنَا عَلَى الدَّوَامِ وَعَافِنَا

لطف و کرم میرے اور تمام اہل اسلام کے امور میں اور ہمیں برکت عطا فرما ہمیشہ کے لیے اور عافیت عطا فرما

وَاهْدِنَا وَامْدُدْنَا وَاجْعَلْنَآ اٰمِنِيْنَ وَيَسِّرْ لَنَآ اُمُوْرَنَا مَعَ الرَّاحَةِ

اور ہدایت نصیب فرما اور دور فرما اور بنا ہمیں امن و طمانیت والے اور آسان فرما ہمارے لیے ہمارے امور کو

لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا وَالسَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا وَدُنْيَانَا وَاٰخِرَتِنَا

بمع قلوب اور ابدان کی راحتوں کے اور دین و دُنیا اور آخرت میں سلامت و عافیت کے

وَتَوَفَّنَا عَلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَاجْمَعْنَا مَعَهٗ فِي الْجَنَّةِ مِنْ غَيْرِ

اور ہمیں وفات دینا کتاب و سنت پر اور ہمیں ان کے ساتھ جمع فرمانا جنت میں بغیر

حِسَابٍ وَّعَذَابٍ بَئِيْسٍ يَّسْبِقُ وَاَنْتَ رَاضٍ عَنَّا غَيْرَ غَضْبَانَ وَ

حساب اور شدید عذاب کے جو سبقت لے جانے والا ہو دخول جنت سے درآنحالیکہ تو ہم سے راضی ہو نہ غضبناک اور

لَا تَمْكُرْ بِنَا وَاخْتِمْ لَنَا مِنْكَ بِخَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ بِلَا مِحْنَةٍ اَجْمَعِيْنَ ط

نہ تدبیر فرماتے ہمارے خلاف اور خاتمہ فرما ہمارا اپنی طرف سے خیر و عافیت کے ساتھ بغیر محنت و مشقت کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُزِيْلُ بِهَا مَصَارِعَ الْهُمُوْمِ

اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جس صلوٰۃ کے طفیل زائل فرمائے ہلاکتیں غموں اور

وَالْغُمُوْمِ وَالْاَحْزَانِ وَتُبَلِّغُ بِهَا الطَّالِبَ غَايَةَ مَا طَلَبَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

الموں کی اور ملالتوں کی اور پہنچائے بطفیل اس کے اہل طلب کو ان کے غایت مطلوب تک۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكْتُبُ بِهَا السُّطُوْرَ وَتَشْرَحُ بِهَا الصُّدُوْرَ

و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جس صلوٰۃ کے طفیل لکھے تو سطریں (ہمارے نامہائے اعمال کی) اور کھولے ہمارے سینوں کو

وَتُهَوِّنُ بِهَا الْاُمُوْرَ بِرَحْمَةٍ مِّنْكَ يَا عَزِيْزُ يَا غَفُوْرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور آسان فرمائے تمام امور ساتھ اپنی رحمت کے اے عزیز۔ اے غفور۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُصَفِّيْنَا بِهَا مِنْ كَدَرِ شَوْبِ الطَّبِيْعَةِ

و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں صاف فرمائے طبیعت انسانیہ کی

الْاٰدَمِيَّةِ بِالسَّحْقِ وَالْمَحْقِ وَتَطْمِسُ بِهَآ اٰثَارَ وُجُوْدِ الْغَيْرِيَّةِ مِنَّا

میل کچیل سے خوب رگڑ کر اور نابود فرما کر اور مٹادے ہم سے بطفیل اس کے غیریت کے آثار وجود کو

فِيْ غَيْبِ غَيْبِ الْهُوِيَّةِ فَيَبْقَى الْكُلُّ لِلْحَقِّ فِي الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَتُرَقِّيْنَا

اپنی غیب الغیب ہویہ و حقیقت میں پس رہ جائے سب کچھ واسطے حق تعالیٰ کے حق میں ساتھ حق کے اور ترقی بخشے ہمیں

بِهَا فِيْ مَعَارِجِ شُهُوْدِ وُجُوْدِ سَنُرِيْهِمْ اٰيَاتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

بطفیل اس کے اس فرمان کے شہودی و وجود درجات "تک" عنقریب دکھلائیں گے ہم انہیں اپنی آیات آفاقیہ اور انفسیہ

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ يَا رَبِّ يَا اَللّٰهُ يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

حتیٰ کہ عیاں ہو جائے گا ان پر کہ بیشک وہی ہے حق" اے رب۔ اے اللہ۔ اے آسمانوں اور زمینوں کے موجد۔

يَا رَفِيْعَ الدَّرَجَاتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

اے بلند مراتب والے۔ نہیں معبود برحق مگر تو، تو پاک ہے۔ بیشک میں ظالمین میں سے تھا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُسْعِدُنَا بِهَا سَعَادَةً لَّا شَقَاوَةَ

اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جس صلوٰۃ کے طفیل ایسی سعادت بخشے کہ جس کے بعد شقاوت نہ ہو

بَعْدَهَا وَتُغْنِيْنَا بِهَا غِنًى لَّا فَاقَةَ بَعْدَهٗ صَلٰوةً تَذْهَبُ بِهَا عَنَّا كُلَّ

اور ہمیں ایسی غنا بخشے کہ جس کے بعد فاقہ نہ ہو، ایسی صلوٰۃ کہ جس کے طفیل لے جائے ہم سے ہر

هَمٍّ وَّغَمٍّ وَّسُوْٓءٍ وَّحُزْنٍ صَلٰوةً تَرْفَعُ لَنَا بِهَا الدَّرَجَاتِ وَتَمْحُوْ بِهَا

اندوہ اور غم اور شدت و سختی اور حزن و ملال ایسی صلوٰۃ کہ بلند فرمائے بطفیل اس کے ہمارے درجات اور محو فرمائے

السَّيِّئَاتِ وَتُضَاعِفُ بِهَا الْحَسَنَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَآ اَعْلَى الْمَقَامَاتِ

ہمارے گناہ اور بڑھائے بطفیل اس کے نیکیاں اور پہنچائے ہمیں اس کی بدولت اعلیٰ ترین مقام پر

بِجَوَارِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سیدنا محمدؐ صاحب معجزات صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑوس اور پناہ میں

لِنَفُوْزَ بِبَرَكَتِهٖ بِلَذِيْذِ الْمُشَاهَدَاتِ وَالْمُنَاجَاتِ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ

تاکہ ہم آپ کی برکت سے کامیاب ہو جائیں لذیذ ترین مشاہدہ اور مناجات کے حصول میں ساتھ ان کے جن پر تو نے

عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

انعام فرمایا یعنی انبیاء و صدیقین اور شہداء و صالحین کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَحِلُّ بِھَا عُقْدَتِیْ وَتُفَرَّجُ بِھَا کُرْبَتِیْ وَ

ورحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جس صلواۃ کے طفیل کھولے عقدے اور دور فرمائے میری شدت وسختی اور

تُنْقِذُنِیْ بِھَا مِنْ وَّحْلَتِیْ وَتُقِیْلُ بِھَا عَثْرَتِیْ وَتَقْضِیْ بِھَا حَاجَاتِیْ

بچائے مجھے بطفیل اس کے کیچڑ میں لتھڑنے سے اور درگزر فرمائے میری لغزش سے اور میری حاجتوں کو پورا کرے،

صَلٰوۃً اَدْخُلُ بِھَا رِیَاضَ الْمَطَالِبِ وَاَجْنِیْ بِھَا ثَمَرَ الْمَوَاھِبِ اَللّٰھُمَّ

ایسی صلواۃ کہ میں داخل ہوجاؤں اس کے طفیل مطالب کے باغات میں اور چن سکوں بسبب اس کے عطیات ومواہب والے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُدْنِیْنِیْ بِھَا بَعِیْدًا اِلَی الْحَضَرَاتِ

پھل۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ قریب کرے بسبب اس کے ہم میں سے بعید کو اپنی ربانی بارگاہوں

الرَّبَّانِیَّۃِ وَتَذْھَبُ بِھَا بِقَرِیْبِنَا اِلٰی مَالَا نِھَایَۃَ لَہٗ مِنَ الْمَقَامَاتِ

کے اور لے جائے ہم میں سے قریب کو بے انتہاء احسن ترین مقام تک

الْاَحْسَنِیَّۃِ فَصَلِّ اَللّٰھُمَّ عَلَیْہِ صَلٰوۃً تَنْشَرِحُ بِھَا الصُّدُوْرُ وَتَھُوْنُ

پس صلواۃ و سلام نازل فرما ان پر جس صلواۃ کے طفیل سینے کشادہ ہوجائیں اور تمام امور

بِھَا الْاُمُوْرُ وَتَنْکَشِفُ بِھَا السُّتُوْرُ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

سہل ہوجائیں اور پردے کھل جائیں اور سلام بھیج بہت زیادہ سلام تا قیام قیامت۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نَبِیِّکَ وَحَبِیْبِکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اِخْوَانِہٖ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما اپنے نبیؐ و حبیب سیدنا محمدؐ پر اور آپ کے بھائیوں پر

وَاٰلِہٖ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا نَقْرَعُ بِھِمَا اَبْوَابَ جِنَانِکَ وَنَسْتَجْلِبُ بِھِمَا

اور آل پر ایسی صلواۃ و سلام کہ کھٹکھٹائیں بطفیل ان کے تیری جنتوں کے دروازے اور حاصل کرلیں بسبب ان کے

اَسْبَابَ رِضْوَانِکَ وَتُؤَدِّیْ بِھِمَا بَعْضَ حَقِّہٖ عَلَیْنَا بِفَضْلِکَ وَاِحْسَانِکَ

تیری رضامندی کے اسباب اور ادا فرمائے تو بطفیل ان کے کچھ حقوق واجبہ ان کے جو ہم پر ہیں اپنے فضل واحسان سے

اٰمِیْنَ ط صَلٰوۃً اَنَالُ بِبَرَکَتِھَا التَّسْلِیْمَ فِیْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ وَاَدْرَکُ

آمین۔ ایسی صلواۃ کہ پالوں اس کی برکت سے تسلیم و رضا تمام احوال میں اور پالوں

بِبَرَکَتِھَا الْاِخْلَاصَ فِیْ سَائِرِ الْاَعْمَالِ وَتُصْلِحُ بِبَرَکَتِھَا الْاَقْوَالَ وَ

بطفیل اس کی برکت کے اخلاص تمام اعمال میں اور اصلاح فرمائے بطفیل اس کی برکت کے میرے اقوال،

الْاَفْعَالَ وَاَحْفَظُ بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَاَعْصِمُ بِھَا مِنْ جَمِیْعِ

افعال کی اور محفوظ رہوں بطفیل اس کے تمام برائیوں سے اور بچا رہا ہوں تمام

الشَّھَوَاتِ وَاُعَاذُ بِھَا مِنْ کُلِّ الْغَفَلَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ لِسَانًا

خواہشات نفسانیہ سے اور پناہ دیا جاؤں بطفیل اس کے تمام غفلتوں سے۔ اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے تیرے

رَطْبًا بِذِکْرِکَ وَقَلْبًا مُّنَعَّمًا بِشُکْرِکَ وَبَدَنًا ھَیِّنًا لِطَاعَتِکَ وَ

ذکر سے تروتازہ زبان کا اور تیرے شکر کی نعمت سے مشرف قلب کا اور تیری طاعت کیلئے آہستہ رو اور نرم خو بدن کا

اَعْطِنَا مَعَ ذٰلِکَ مَالَا عَیْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی

اور اس کے ساتھ ساتھ عطا فرما ہمیں جو نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ ہی کسی بشر کے دل پر

قَلْبِ کُلِّ بَشَرٍ کَمَا اَخْبَرَ بِہٖ رَسُوْلُکَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَسْبَمَا

کھٹکا جیسے کہ خبر دی اس کی تیرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے جیسے کہ

عَلَّمْتَہٗ بِعِلْمِکَ وَاَغْنِنَا بِلَا سَبَبٍ وَاجْعَلْنَا سَبَبَ الْغِنٰی لِاَوْلِیَائِکَ

سکھلایا تو نے انہیں اپنے علم سے اور غنی فرما ہمیں بغیر کسی سبب، ظاہری کے اور ہمیں بنائے سبب غنا کا اپنے

وَبَرْزَخًا بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ اَعْدَائِکَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰھُمَّ

دوستوں کے لیے اور برزخ وحجاب ان کے اور تیرے اعداء کے درمیان بیشک تو ہر شئی پر کامل قدرت والا ہے۔ اے اللہ

اِنَّا نَسْئَلُکَ اِیْمَانًا دَآئِمًا وَّنَسْئَلُکَ قَلْبًا خَاشِعًا وَّنَسْئَلُکَ عِلْمًا

ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں دائمی ایمان کا اور سوال کرتے ہیں خشوع والے دل کا۔ اور سوال کرتے ہیں

نَافِعًا وَّنَسْئَلُکَ یَقِیْنًا صَادِقًا وَّنَسْئَلُکَ دِیْنًا قَیِّمًا وَّنَسْئَلُکَ

نفع دینے والے علم کا اور سوال کرتے ہیں سچے یقین کا اور سوال کرتے ہیں پائیدار دین کا اور سوال کرتے ہیں

الْعَافِیَۃَ مِنْ کُلِّ بَلِیَّۃٍ وَّنَسْئَلُکَ تَمَامَ الْعَافِیَۃِ وَنَسْئَلُکَ دَوَامَ

ہر مصیبت سے عافیت کا اور سوال کرتے ہیں تجھ سے کامل عافیت کا اور سوال کرتے ہیں تجھ سے

الْعَافِيَةِ وَنَسْئَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَنَسْئَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ اَللّٰهُمَّ

عافیت کے دوام کا اور سوال کرتے ہیں تجھ سے عافیت پر شکر (کی توفیق) کا اور سوال کرتے ہیں تجھ سے لوگوں سے استغفار کلمہ اے اللہ

اِنَّا نَسْئَلُكَ التَّوْبَةَ الْكَامِلَةَ وَالْمَغْفِرَةَ الشَّامِلَةَ وَالْمَحَبَّةَ الْجَامِعَةَ

ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے کامل توبہ کا اور عام بخشش کا اور جامع محبت کا

وَالْخُلَّةَ الصَّافِيَةَ وَالْمَعْرِفَةَ الْوَاسِعَةَ وَالْاَنْوَارَ السَّاطِعَةَ وَالشَّفَاعَةَ

اور خالص دوستی کا اور وسیع معرفت کا اور غالب انوار کا اور پائیدار شفاعت کا

الْقَائِمَةَ وَالْحُجَّةَ الْبَالِغَةَ وَالدَّرَجَةَ الْعَالِيَةَ وَفُكَّ وَثَاقَنَا مِنَ الْمَعْصِيَةِ

اور حجت بالغہ کاملہ اور بلند درجہ کا اور چھڑا ہمیں معصیتوں کی قید سے

وَارْهَنَا مِنَ النِّعْمَةِ بِمَوَاهِبِ الْمِنَّةِ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْنَا وَاَصْلِحْ بِنَا وَاهْدِنَا

اور گروی رکھ ہمارے پاس اپنی نعمتوں سے منت واحسان کے عطیات۔ اے اللہ ہماری اصلاح فرما اور ہمارے ذریعے اصلاح فرما اور

وَاهْدِ بِنَا وَاَرْشِدْنَا وَاَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّاَلْهِمْنَا اِتِّبَاعَهٗ وَ

ہمیں ہدایت دے اور ہمارے ذریعے دوسروں کو ہدایت دے اور بھلائی کا راستہ ہمیں دکھا اور ہمارے ذریعے دوسروں کو دکھا اور دکھلا ہمیں حق صورت

اَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ اَللّٰهُمَّ اقْطَعْ عَنَّا كُلَّ قَاطِعٍ

حق میں اور الہام فرما اس کی اتباع کا اور دکھلا ہمیں باطل صورت باطل میں اور ہمیں نصیب فرما اس سے باز رہنا۔ اے اللہ منقطع فرما ہم سے ہر وہ مانع

يَقْطَعُنَا عَنْكَ وَلَا تَقْطَعْنَا بِالْاَغْيَارِ عَنْكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

جو منقطع کرے ہمیں تجھ سے اور نہ منقطع فرما ہمیں اپنی ذات سے اپنے غیروں کے ذریعے بطفیل اپنی رحمت کے۔ اے سب سے

الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ كُلَّهٗ دِقَّهٗ وَجِلَّهٗ وَاَوَّلَهٗ وَ

زیادہ مہربان۔ اے اللہ بخش دے میرے تمام گناہ چھوٹے اور بڑے، پہلے اور

اٰخِرَهٗ وَعَلَانِيَتَهٗ وَسِرَّهٗ اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا

پچھلے اور ظاہری و باطنی۔ اے اللہ اچھی فرما ہماری عاقبت کو تمام امور میں

وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اور ہمیں بچا دنیوی رسوائی اور اخروی عذاب سے۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما محمد کریم پر

صَلٰوةً تَهْدِيْنَا بِهَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ وَتُجِيْرُنَا بِهَا مِنْ عَذَابِ

جس صلوٰۃ کے طفیل ہمیں چلائے صراط مستقیم پر اور پناہ دے ہمیں دوزخ کے عذاب

الْجَحِيْمِ وَتُنَعِّمُنَا بِهَا جَنَّتَ الْفِرْدَوْسِ النَّعِيْمِ وَتُخَلِّقُنَا بِهَا

سے اور نعمت عطا فرمائے جنت الفردوس کی ابدی نعمتوں والی اور ہمیں موصوف فرمائے بطفیل اسکے

بِاَخْلَاقِ الْحَسَنِ وَاِخْلَاصِ الْعَمِيْمِ بِفَضْلِ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ

اچھے اخلاق کے ساتھ اور کامل اخلاص کے ساتھ بسبب اپنے فضل کریم کے۔ اے اللہ مجھے عطا فرما

وِرَاثَةَ خُلُقٍ عَظِيْمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ قَالَ اِنَّ

خلق عظیم کی وراثت۔ اے اللہ صلوٰۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا سب سے

اَوَّلَ مَا يُوْضَعُ فِي الْمِيْزَانِ الْخُلُقُ الْحَسَنُ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ خُلُقًا

پہلی چیز جو میزان میں رکھی جائے گی۔ وہ اچھا خلق ہے۔ اے اللہ مجھے خلق

عَظِيْمًا بِاَخْلَاقِ اللّٰهِ وَوَصْفًا كَرِيْمًا بِاَوْصَافِ اللّٰهِ وَحُسْنًا حَسَنًا

عظیم عطا فرما بطفیل اپنے اخلاق کے اور وصف کرامت بطفیل اپنے اوصاف کے اور حسن و خوبی

مِّنْ جَمِيْعِ الْمَحَاسِنِ فِيْ رِضَآءِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو تمام محاسن سے حسین ہو اپنی رضا میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ يَتَجَلّٰى بِحُسْنِ مَعَانِيْهِ عَلٰى

محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو محبوب جلوہ گر ہوں گے بسبب حقائق باطنہ کے حسن کے

قُبَابِ الْفِرْدَوْسِ وَعُلُوِّ مَبَانِيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

قبول پر اور مکانات عالیہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ يُنَادٰى عِنْدَ ضِيْقِ الْخَلَآئِقِ اَغِثْنَا يَا

اور آپ کی آل پر جس محبوب کو پکارا جائے گا وقت مخلوقات کی تنگی اور پریشانی کے ہماری فریاد کو پہنچ اے

مَلَاذَ الْخَلَآئِقِ كَالطَّارِقِ لِلطِّبَاقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ساری مخلوق کی جائے پناہ مانند راستہ بنانے والے کے واسطے اجتماع کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَظَرَ بِنَظَارَتِہٖ وَجْہُ الزَّمَانِ وَاَوْرَدَ

اور آل محمدؐ پر جس محبوب کے نظارہ میں محو ہے زمانہ کا رُخ اور جنہوں نے وارد فرمایا

مَوْرِدَ کَرَمِہِ الْقَاصِیَ وَالدَّانِیَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اپنے جودو کرم کے گھاٹ میں ہر قریب و بعید کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَظَرَتْ عُیُوْنُ السَّعَادَۃِ اِلَیْہِ وَنَالَ مِنَ

اور آل محمدؐ پر کہ جس محبوب کی طرف لگی ہیں سعادت مندی کی نگاہیں اور جنہوں نے پالی

الْعِزِّ الدَّآئِمِ مَا لَا مَزِیْدَ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

دائمی عزت اس قدر کہ اس پر زیادتی کی گنجائش نہیں ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَجَلَّی الدَّھْرَ وَجْھُہُ الطَّالِعُ وَذَلَّلَ جَوَادُ

اور آل محمدؐ پر جس محبوب کے آفتاب جیسے روشن چہرے نے زمانے کو روشن کر دیا اور جن کیلئے فرمانبردار کیا

الْمَعَالِیْ فَامْتَطَاہُ وَکَدَّرَ بِشِدَّتِہٖ عَیْشَ اَعْدَاہُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

گیا سربلندیوں کا پس وہ سوار ہو گئے اس پر اور مکدر فرما دیا اپنی شدت و قوت سے اعداء کی زندگانی کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ عَلَا عَلٰی فَنَنِ الْمَعَالِیْ

فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر جو محبوب بلند و غالب ہوئے مختلف النوع مراتب عالیہ پر

وَتَبَوَّاَ ذُرْوَۃَ الشَّرَفِ الرَّفِیْعِ الْعَالِیْ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور جنہوں نے مسکن بنایا بلند و بالا شرف کی چوٹی کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَمَا شَرَفُہٗ عَلٰی کُلِّ شَرَفٍ

محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ بلند ہوا اس محبوب کا فضل و شرف ہر بلند شرف پر

مَّنِیْفٍ وَّرَبٰی قَدْرُہٗ عَلٰی کُلِّ ذِیْ قَدْرٍ شَرِیْفٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور بڑھ گیا ان کا قدر و فضل ہر شریف قدر والے پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَشْرَقَ نُوْرُہُ الشَّرِیْفُ وَجْھَہٗ

سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ روشن کر دیا ان کے نور شریف نے ان کے چہرہ مبارک

وَمُحَیَّاہُ وَکَرَّمَ اللّٰہُ وَجْھَہٗ وَنَوَّرَ مِرْاٰتَہٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور روئے انور کو اور تکریم والا بنا دیا ان کے چہرہ انور کو اور منور کیا ان کے منظر کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ تَزَیَّنَتْ بِہٖ اَرْضُ الْحِجَازِ

سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کی بدولت مزین ہو گئی سرزمین حجاز

وَفَازَ بِہٖ مَنْ فَازَ وَتَرَءْرَعَ عَلٰی حُلَّۃِ فَخْرِہٖ قُرَیْشٌ کَالطِّرَازِ

اور کامیاب و کامران ہوئے ان کی بدولت جو کامیاب ہوئے اور آنکھ کی پتلی پھیر پھیر کر دیکھا ان کے فخر و ناز والی پوشاک کو قریش

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

نے مانند نقش و نگار کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جس محبوب کے لیے

خَفَقَ لَہُ الْعَرْشُ بِکَمَالِہٖ وَعَظِیْمِہٖ لَمَّا وَطِئَہٗ بِاَقْدَامِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

جھوما عرش اعظم باوجود اپنے کمال و عظمت کے جبکہ آپ نے اسے پامال کیا اپنے قدموں کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَصَدَہُ الْفَخْرُ

و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کا قصد اور ارادہ کیا عظیم فخر نے

الْعَظِیْمُ وَرَامَہٗ وَنَوَّرَ اللّٰہُ بِہٖ اَکْنَانَ تِھَامَۃَ وَدَامَہٗ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ

اور منور کیا ان کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے تہامہ کے نشیبوں کو اور دائمی بنایا۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

اَنْ تُبَارِکَ لِیْ فِیْ سَمْعِیْ وَفِیْ بَصَرِیْ وَفِیْ رُوْحِیْ وَفِیْ خَلْقِیْ وَفِیْ خُلُقِیْ

کہ برکت عطا فرما میرے کانوں اور آنکھوں میں اور روح و باطن اور صورت و سیرت میں

وَفِیْ اَھْلِیْ وَفِیْ مَالِیْ وَفِیْ مَحْیَایَ وَفِیْ مَمَاتِیْ وَفِیْ عَمَلِیْ وَاَسْئَلُکَ

اور میرے اہل و مال میں اور حیات و ممات اور عمل میں اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجَنَّۃِ اٰمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ غِنَایَ وَغِنَا

جنت میں بلند درجات کا آمین۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اپنی غنا کا اور اپنے مولیٰ

مَوْلَایَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ فَاِنَّہٗ لَا یَمْلِکُھَآ اِلَّآ اَنْتَ وَ

کی غنا کا اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے فضل و رحمت کا کیونکہ ان کا مالک نہیں مگر تو ہی اور

اَسْئَلُكَ مِنْ فُجَاءَةِ الْخَيْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْفَوْزَ فِی الْقَضَآءِ وَنُزُلَ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے فوری خیر و بھلائی کا۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کامیابی کا تیری قضاء میں اور

الشُّهَدَآءِ وَعَيْشَ السُّعَدَآءِ وَمُرَافَقَةَ الْاَنْبِيَآءِ وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَآءِ

شہداء کی مہمانی کا اور سعادتمندوں والی گزران کا اور انبیاء علیہم السلام کی رفاقت کا اور اعداء پر نصرت کا

اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ وَاَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ وَاَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا تَجِيْٓءُ بِهِ

بیشک تو ہی دعا کا سننے والا ہے اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ہر طرح کی خیر کا اور میں طلب کرتا ہوں تجھ سے اس کی

الرِّيَاحُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الصِّحَّةَ وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ

خیر کا جو بارانی ہوائیں لاتی ہیں۔ اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے صحت و پاکدامنی اور امانت و حسن خلق کا

وَعَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ط وَاَشْهَدُ اَنَّكَ وَاحِدٌ

اور ایسے عہد و پیمان کا جسے پورا فرمانے میرے ساتھ قیامت کے دن بیشک تو وعدہ کا خلاف نہیں کرتا اور میں گواہی دیتا ہوں

لَا شَرِيْكَ لَهٗ كَمَا شَهِدَ رَبُّنَا لِنَفْسِهٖ بِالْوَحْدَانِيَّةِ وَاَشْهَدُ اَنَّ كُلَّ

کہ وہ وحدہ لاشریک لہ ہے جیسے کہ شہادت دی ہمارے رب نے اپنی ذات کے لیے وحدانیت کی اور میں گواہی دیتا ہوں کہ ہر

مَعْبُوْدٍ مِّنْ دُوْنِ عَرْشِكَ اِلٰى قَرَارِ الْاَرَضِيْنَ بَاطِلٌ سِوٰى وَجْهِكَ

معبود تیرے عرش کے نیچے سے زمینوں کی قرارگاہ تک باطل ہے سوائے تیری

الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ رَغْبَتِیْٓ اِلَيْكَ وَاجْعَلْ غِنَایَ فِیْ صَدْرِیْ وَ

ذات کریم کے۔ اے اللہ پس مخصوص فرما میری رغبت کو اپنی طرف اور پیدا فرما میرا استغناء میرے سینہ میں اور

بَارِكْ لِیْ فِيْمَا رَزَقْتَنِیْ وَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّیْ يَا مَنْ اَظْهَرَ

میرے لیے برکت دے اس میں جو تو نے عطا فرمایا ہے مجھے اور مجھ سے قبول فرما۔ بیشک تو میرا پروردگار ہے ایک جس نے

الْجَمِيْلَ وَسَتَرَ عَلَيَّ الْقَبِيْحَ يَا مَنْ لَّا يُؤَاخِذُ بِالْجَرِيْرَةِ وَلَا يَهْتِكُ

ظاہر فرمایا میرے جمیل کو اور چھپایا مجھ پر میرے قبیح عمل کو ایک مؤاخذہ نہیں فرماتا جرم و گناہ پر (فوری طور پر) اور پردہ نہیں

السِّتْرَ يَا عَظِيْمَ الْعَفْوِ يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ يَا بَاسِطَ

پھاڑتا اے عظیم عفو والے، اے اچھی درگزر والے۔ اے وسیع مغفرت والے۔ اے کشادہ

الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى وَيَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى وَ

ہاتھوں والے ساتھ رحمت کے، اے مصاحب ہر سرگوشی کے اور اے منتہیٰ ہر شکایت کے اور

يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ يَا مُبْدِئَ النِّعَمِ قَبْلَ اِسْتِحْقَاقِهَا

اے درگزر میں کرم سے کام لینے والے۔ اے عظیم احسان والے۔ اے نعمتوں کی ابتداء کرنے والے ان کی حقداری سے قبل

يَا رَبَّنَا وَيَا سَيِّدَنَا وَيَا مَوْلٰنَا وَيَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ

اے ہمارے رب اور اے ہمارے سردار اور اے ہمارے مولیٰ اور اے ہماری رغبت کی غایت، میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ کہ

لَّا تَشْوِیَ خَلْقِیْ بِالنَّارِ اَللّٰهُمَّ قَاتِلِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ

نہ بھونے میرے جسم کو ساتھ آگ کے۔ اے اللہ ہلاک فرما کافروں کو جو جھٹلاتے ہیں تیرے رسولوں کو

وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ عَلَيْهِمْ رِجْزَكَ وَعَذَابَكَ يَا اِلٰهَ

اور روکتے ہیں تیرے راستہ سے اور بنا ان پر اپنا طاعون اور عذاب اے

الْحَقِّ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتٰبِ وَمُجْرِیَ السَّحَابِ وَهَازِمَ

برحق معبود آمین۔ اے اللہ نازل کرنے والے کتاب کے اور جاری کرنیوالے بادلوں کے اور شکست دینے والے

الْاَحْزَابِ اِهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ

لشکر ہائے کفار کے انہیں شکست دے اور ہماری مدد فرما ان کے خلاف۔ اے اللہ ہم بناتے ہیں تجھے

نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْ فَلَا

ان کفار کے مدمقابل اور پناہ طلب کرتے ہیں تیری ان کے شرور سے۔ اے اللہ میں تیری ہی رحمت کی امید کرتا ہوں پس نہ

تَكِلْنِیْٓ اِلٰى نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَانِیْ كُلَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

حوالے فرما مجھے میرے نفس کے آنکھ جھپکنے کی دیر اور اصلاح فرما میرے تمام احوال کی نہیں معبود برحق مگر

اَنْتَ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَللّٰهُمَّ اَقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ

تو ہی اے حیّ اے قیوم تیری رحمت کے ساتھ ہی میں استغاثہ کرتا ہوں۔ اے اللہ ڈال دے میرے دل میں

رَجَآئَكَ وَاقْطَعْ رَجَآئِیْ عَمَّنْ سِوَاكَ حَتّٰى لَآ اَرْجُوَ اَحَدًا غَيْرَكَ

اپنی امید اور کاٹ دے میری امید اپنے ماسوا سے حتیٰ کہ میں نہ امید کروں کسی سے تیرے علاوہ

اَللّٰھُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْهُ عَمَلِیْ وَلَمْ تَنْتَهِ اِلَیْهِ

اے اللہ وہ یقین کہ جس سے ضعیف ہے میری قوت اور قاصر ہے اس سے میرا عمل اور نہیں پہنچی اس تک

رَغْبَتِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْئَلَتِیْ وَلَمْ یَجْرِ عَلٰی لِسَانِیْ مِمَّآ اَعْطَیْتَ اَحَدًا

میری رغبت اور نہیں پہنچا اس تک میرا سوال اور نہ جاری ہوا میری زبان پر جو تو نے عطا فرمائی کسی کو بھی

مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْیَقِیْنِ فَخَصِّلْنِیْ بِهٖ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

اوّلین و آخرین سے پس موجود فرما میرے لیے اسے رب العالمین

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ بِالْعِلْمِ قَلْبِیْ وَاسْتَعْمِلْ بِطَاعَتِكَ بَدَنِیْ وَخَلِّصْ مِنَ

اے اللہ منور فرما علم کے ساتھ میرا دل اور عامل بنا اپنی طاعت کا میرے بدن کو اور خلاصی دے فتنوں سے

الْفِتَنِ سِرِّیْ وَاشْغَلْ بِالْاِعْتِبَارِ فِكْرِیْ وَقِنِیْ شَرَّ وَسَاوِسِ

میرے باطن کو اور مشغول فرما ساتھ عبرت حاصل کرنے کے میرے فکر کو اور مجھے بچا شیطانی وساوس کے

الشَّیْطَانِ وَاَجِرْنِیْ مِنْهُ یَارَحْمٰنُ حَتّٰی لَا یَكُوْنَ لَهٗ عَلَیَّ سُلْطَانٌ

کے شر سے اور مجھے بچا اس سے اے رحمٰن حتی کہ نہ اسے مجھ پر غلبہ و تسلط

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس خیر کی جسے تو جانتا ہے اور پناہ طلب کرتا ہوں تیری اس شر سے

تَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ مِنْ كُلِّ مَا تَعْلَمُ اِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا نَعْلَمُ وَاَنْتَ

جو تو جانتا ہے اور استغفار کرتا ہوں تجھ سے ہر اس شئی سے جو تجھے معلوم ہے بیشک تو جانتا ہے اور ہم نہیں جانتے اور تو ہی

عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

تمام غیوب کو اچھی طرح جاننے والا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نَظَرَتْ عُیُوْنُ السَّعَادَةِ اِلَیْهِ وَاتْحَفَهُ الْحَقُّ

آل اطہار پر کہ جس محبوب پر لگی ہیں سعادت کی نظریں اور تحفہ دیا انہیں حق تعالیٰ نے

مِنَ الْعِلْمِ اللَّدُنِّیِّ مِمَّا لَدَیْهِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اپنے پاس سے علم لدنی کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اَلْهَمَهُ اللّٰهُ بِفَضْلِهٖ لِمَآ اَحَبَّهٗ وَاَرْضَاهُ

اور آل محمد پر جس محبوب کو تو نے الہام فرمایا اپنے فضل سے اس امر کا محبوب بنایا اور انہیں راضی فرمایا

اَنْ قَالَ اَلتَّحِیَّاتُ الْمُبٰرَكَاتُ الصَّلَوٰتُ الطَّیِّبَاتُ لِلّٰهِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ

یہاں تک کہ انہوں نے کہا تمام با برکت تحفے، نمازیں، پاکیزہ کلمات اللہ کے لیے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ حَیَّاهُ مَوْلَاهُ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہیں تحفہ دیا ان کے مولیٰ نے

حَلَّتْ ذَاتُهٗ وَصِفَاتُهٗ بِقَوْلِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

جس کی ذات و صفات جلیل ہیں ساتھ اپنے اس قول کے "سلام ہو تم پر اے نبی اور اللہ کی رحمت

وَبَرَكَاتُهٗ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور برکات"۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لَمْ یَنْسَ بِفَضْلِهٖ اِخْوَانَهُ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْ قَالَ اَلسَّلَامُ

پر کہ جو محبوب نہ بھولے اپنے فضل و کرم سے اپنے مومن بھائیوں کو حتی کہ کہا سلام ہو

عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِیْنَ اَلَّذِیْنَ قَرَّتْ اَعْیُنُهُمْ بِالصَّلٰوةِ

ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر جن کی آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں نماز کی وجہ سے

فَصَارَتْ قُرَّةُ اَعْیُنِهِمْ فِیْهَا وَبَلَّغَ اللّٰهُ اَنْفُسَهُمْ فِیْهَا اَمَانِیَّهَا اَللّٰھُمَّ

پس ہو گئی ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک اسی میں اور پہنچایا اللہ تعالیٰ نے ان کے نفوس کو نماز میں اپنی آرزوؤں تک۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَالَ لَهٗ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل محمد پر جن سے کہا

جِبْرَآئِیْلُ سَلْ رَبَّكَ فِیْ وَجْهَتِكَ اَنْ اَبْسُطَ جَنَاحِیْ عَلَی الصِّرَاطِ

جبرئیل امین نے کہ اپنے رب تعالیٰ سے سوال کرنا اپنی اس حاضری میں کہ میں پھیلاؤں اپنے پر کو پل صراط پر

یَوْمَ الْقِیٰمَةِ تَجُوْزُ عَلَیْهِ صُلَحَآءُ فُقَرَآءُ اُمَّتِكَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

قیامت کے دن کہ گذریں اس پر سے آپ کی امت کے صلحاء و فقراء۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ سَاَلَ رَبَّہٗ عَزَّوَجَلَّ

سیدنا محمد پر اور آلِ محمد پر جنہوں نے اس سوال کیا اپنے رب عزوجل سے

ذٰلِكَ فَاَعْطَاہُ وَبَلَّغَہٗ فِیْ ذٰلِكَ سُؤْلَہٗ وَرِضَاہُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اس کا پس اس نے عطا کیا انہیں اور پہنچایا انہیں اس بارے میں اپنے مطلوب اور مرضی تک ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ سَاَلَ رَبَّہٗ مَا یَسْاَلُ

فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آلِ اطہار پر جنہوں نے سوال کیا اپنے رب تعالیٰ سے جو سوال کرتے

الْمُحِبُّ مِنْ مَّحْبُوْبِہٖ فَبَلَّغَہٗ فِیْ ذٰلِكَ غَایَۃَ مَطْلُوْبِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

ہیں محبین اپنے محبوبین سے پس پہنچایا انہیں اللہ نے مطلوب کی غایت تک ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِیْ رَجَعَ لِاُمَّتِہٖ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب لوٹے اپنی اُمت کی طرف

بِمَا رَغِبَ لَھُمْ مِّنَ اللّٰہِ وَسَاَلَ فَبَلَّغَہُ اللّٰہُ فِیْہِ غَایَۃَ الْاَمَلِ اَللّٰھُمَّ

اللہ کے پاس سے ان کی مرغوب شئی کے ساتھ اور اللہ سے سوال کیا پس اللہ نے انہیں پہنچایا امید و آرزو کی انتہا تک۔

یَا رَجَآءَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَا تُخَیِّبْ رَجَآءَنَا وَیَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ

اے اللہ اے اہل ایمان کی اُمید ورجاء ہماری اُمیدوں کو ناکام نہ فرما اور فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے

اَغِثْنَا وَیَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِنَّا وَیَا حَبِیْبَ التَّوَّابِیْنَ تُبْ

ہماری امداد واعانت فرما اور مومنین کے معین و مددگار ہماری اعانت فرما اور اے اہل توبہ کے حبیب

عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِكَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ یَا مَالِكَ مُلُوْكِ الْعَوَالِمِ کُلِّھَا

ہم پر نظر رحمت فرما اور اپنے اطاعت گزار بندوں پر۔ اے اللہ، اے جہان کے تمام بادشاہوں کے مالک

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ رَبِّ تَدَارَکْنَا

نہیں کوئی معبود برحق مگر تو، میں تیری تسبیح وتقدیس بیان کرتا ہوں بیشک میں ظالمین سے تھا۔ اے اللہ ہمارا احاطہ فرما

بِرَحْمَتِكَ وَنَجِّنَا مِنَ الْغَمِّ یَا مُنْجِیَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَفَرِّجْ عَنَّا مَا نَحْنُ فِیْہِ یَا

اپنی رحمت کے ساتھ اور ہمیں غم سے نجات عطا فرما اے مومنین کو نجات دینے والے اور دور فرما ہم سے جس پریشانی میں ہم ہیں اے

غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا اَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعَفِیْنَ وَاَنْتَ رَبِّیْ اِلٰی

فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے ہماری امداد فرما تو ضعیفوں ناتوانوں کا رب ہے اور تو میرا رب ہے

مَنْ تَکِلُنِیْ اِلٰی عَبْدٍ یَتَجَھَّمُنِیْ اَمْ اِلٰی عَدُوٍّ مَّلَّکْتَہٗ اَمْرِیْ اِنْ لَّمْ یَکُنْ

تو مجھے کس کے حوالے کرتا ہے؟ ایسے بندے کے سپرد کرتا ہے جو مجھ پر تشدد وظلم کرے یا ایسے دشمن کے جسے تو نے میرے

عَلَیَّ غَضَبٌ مِّنْكَ فَلَآ اُبَالِیْ وَلٰکِنْ عَافِیَتُكَ ھِیَ اَوْسَعُ لِیْ رَبِّ

امور کا مالک بنا دیا ہے۔ اگر مجھ پر تیرا غضب نہ ہو تو مجھے کوئی پروا نہیں لیکن تیری عافیت بہت وسیع ہے میرے لیے

فَلَا تَحْجُبْ دَعْوَتِیْ وَلَا تَرُدَّ مَسْئَلَتِیْ وَلَا تَدَعْنِیْ بِحَسْرَتِیْ وَلَا

پس نہ روک میری دُعا کو اور نہ رد فرما میرے سوال کو اور نہ چھوڑ مجھے میری حسرت میں اور نہ

تَکِلْنِیْ اِلٰی حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ وَارْحَمْ عَجْزِیْ وَفَقْرِیْ وَفَاقَتِیْ وَاجْبُرْ

سونپ مجھے میری قوت و طاقت کی طرف اور رحم فرما میرے عجز وفقر اور فاقہ پر اور درست فرما

کَسْرِیْ وَذُلِّیْ وَحَالَتِیْ یَا ذَا الرَّحْمَۃِ وَالْغُفْرَانِ یَا ذَا الْعَظْمَۃِ وَ

میری شکست وریخت اور ضعف وناتوانی اور حالت کو اے رحمت ومغفرت والے۔ اے عظمت و

السُّلْطَانِ یَا ذَا الْعِزَّۃِ وَالْبُرْھَانِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

تسلط والے۔ اے عزّت و برہان والے، اے جلال و اکرام والے

وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَۃً وَّعِلْمًا وَّجُوْدًا بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ

تو ہر چیز کو محیط ہے ازروئے رحمت اور علم اور جود و نوال کے ساتھ اپنے فضل واحسان کے

عَلَیْنَا مِنَّۃً وَّحِلْمًا یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ یَا

ہم پر ازروئے منت اور حلم کے اے احسان والے۔ اے اچھا سلوک کرنے والے۔ اے انعام فرمانے والے۔ اے فضل وجود والے

ذَا النَّوَالِ وَالنَّعْمَاءِ یَا ذَا الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ یَا ذَا الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

اے عطا و انعام والے۔ اے جود و کرم والے۔ اے عرش عظیم والے

اَللّٰھُمَّ یَا رَجَآءَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَا تُخَیِّبْ رَجَآئِیْ وَدُعَآئِیْ اَللّٰھُمَّ یَا

اے اللہ، اے مومنین کی امید ورجاء نہ محروم التفات رکھ میری اُمید اور دُعا کو۔ اے اللہ۔ اے

غِيَاثَ الْمُسْتَغِيثِينَ اَغِثْنِي اَللّٰهُمَّ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اِرْحَمْنِي

فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے میری امداد فرما۔ اے اللہ اے ارحم الراحمین مجھ پر رحم فرما

اَللّٰهُمَّ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِينَ اَكْرِمْنِي اَللّٰهُمَّ يَا اَمَانَ الْخَآئِفِينَ اٰمِنِّي

اے اللہ۔ اے سب عزت والوں سے زیادہ عزت والے مجھے عزت دے۔ اے اللہ اے خوفزدگان کی امان مجھے امن عطا فرما

اَللّٰهُمَّ يَا دَلِيلَ الْمُتَحَيِّرِينَ دُلَّنِي اَللّٰهُمَّ يَا هَادِيَ الْمُضِلِّينَ

اے اللہ۔ اے حیران لوگوں کے رہنما میری رہنمائی فرما۔ اے اللہ۔ اے گمراہوں کو ہدایت دینے والے

اِهْدِنِي اَللّٰهُمَّ يَا مُغْنِيَ الْمُقِلِّينَ اَغْنِنِي اَللّٰهُمَّ يَا وَاصِلَ

مجھے ہدایت عطا فرما۔ اے اللہ۔ اے فقیروں کو غنی کرنے والے مجھے غنی فرما۔ اے اللہ۔ اے ٹوٹے ہوؤں

الْمُنْقَطِعِينَ اَوْصِلْنِي اَللّٰهُمَّ يَا سُرُورَ الْعَابِدِينَ سُرَّنِي

کو جوڑنے والے مجھے بھی وصل عطا فرما۔ اے اللہ اے عبادت گزاروں کے سرور مجھے سرور عطا فرما

اَللّٰهُمَّ يَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِينَ اَعِنِّي اَللّٰهُمَّ يَا حَبِيبَ التَّوَّابِينَ تُبْ

اے اللہ۔ اے مومنین کے معاون میری اعانت فرما۔ اے اللہ اے اہل توبہ کے حبیب مجھ پر نگاہ رحمت

عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ طَالِبِي اِنْ اَنَا

فرما۔ بیشک تو ہی توبہ قبول کرنے والا، رحم فرمانے والا ہے۔ اے اللہ تو مجھے طلب کرنے والا ہے اگر میں

هَرَبْتُ وَمُدْرِكِي اِنْ اَنَا فَرَرْتُ فَهَآ اَنَا بَيْنَ يَدَيْكَ خَاضِعٌ

بھاگوں اور پا لینے والا ہے اگر مغرور بنوں تو ہاں میں تیرے حضور حاضر ہوں عاجز

ذَلِيلٌ رَاغِمٌ اِنْ تُعَذِّبْنِي فَاِنِّي لِذٰلِكَ اَهْلٌ وَهُوَ يَا رَبِّ مِنْكَ

و حقیر ہوں ناک رگڑانے والا ہوں، اگر تو مجھے عذاب دے تو بیشک میں اس کا حقدار ہوں اور وہ اے میرے رب تیری طرف

عَدْلٌ وَاِنْ تَعْفُ عَنِّي فَقَدِيمًا شَمَلَتْنِي عَفْوُكَ وَاَلْبَسْتَنِي عَافِيَتُكَ

سے سراسر عدل ہے اور اگر تو مجھ سے عفو و درگزر فرمائے تو قدیم ایام سے تیری عفو میرے شامل حال رہی ہے اور تو نے مجھے اپنا لباس عافیت

فَاَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِالْمَخْزُونِ مِنْ اَسْمَآئِكَ وَبِمَا وَارَتْهُ الْحُجُبُ مِنْ

پہنایا ہے تو میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ ساتھ تیرے پوشیدہ نام کے اور پردوں میں چھپی تیری نورانیت کے،

بَهَآئِكَ اَلَا تَرْحَمُ هٰذِهِ النَّفْسَ الْجَزُوعَةَ وَهٰذِهِ الرِّمَّةَ الْهَلُوعَةَ

کیا رحم نہیں فرمائے گا تو اس بیصبر نفس پر اور اس حریص و لالچی خاکی مجسمہ پر

الَّتِي لَا تَسْتَطِيعُ حَرَّ شَمْسِكَ فَكَيْفَ تَسْتَطِيعُ حَرَّ نَارِكَ وَالَّتِي لَا

جو نہیں طاقت رکھتا تیرے آفتاب کی تپش کی تو کیسے تاب لا سکے گا تیری آتش دوزخ کی حرارت کی اور جو

تَسْتَطِيعُ صَوْتَ رَعْدِكَ فَكَيْفَ تَسْتَطِيعُ صَوْتَ غَضَبِكَ فَارْحَمْنِي

نہیں تاب لا سکتا تیرے بادلوں کی گرج کی تو کس طرح تاب لائے گا تیری غضب والی آواز کی۔ پس مجھ پر رحم فرما

اَللّٰهُمَّ فَاِنِّي اِمْرَءٌ حَقِيرٌ وَخَطَرِي يَسِيرٌ وَلَيْسَ عَذَابِي مِمَّا يَزِيدُ

اے اللہ کیونکہ میں حقیر آدمی ہوں اور میری حیثیت معمولی ہے اور مجھے عذاب دینا نہیں اضافہ کرے گا

فِي مُلْكِكَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ وَلَوْ اَنَّ عَذَابِي مِمَّا يَزِيدُ فِي مُلْكِكَ

تیرے ملک و سلطنت میں ذرہ بھر اور اگر میرا عذاب تیرے ملک میں کچھ بھی اضافہ کرتا

لَسَاَلْتُكَ الصَّبْرَ وَاَحْبَبْتُ اَنْ يَكُونَ ذٰلِكَ لَكَ وَلٰكِنْ سُلْطَانُكَ

تو البتہ میں تجھ سے صبر کا مطالبہ کرتا اور پسند کرتا کہ یہ اضافہ و ترقی تجھے حاصل ہو لیکن تیری سلطنت اور غلبہ

لَكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَعْظَمُ وَمُلْكُكَ اَدْوَمُ اَنْ تَزِيدَ فِيهِ طَاعَةُ

ہمیشہ کے لیے ہے۔ اے اللہ تو عظیم تر ہے اور تیرا ملک دائمی ہے، مزہ ہے اس سے کہ اس میں ترقی پیدا کرے اہل

الْمُطِيعِينَ اَوْ تَنْقُصَ مِنْهُ مَعْصِيَةُ الْمُذْنِبِينَ وَارْحَمْنِي وَتَجَاوَزْ

طاعت کی طاعت یا نقصان پیدا کرے گناہگاروں کی معصیت اور مجھ پر رحم فرما اور درگزر

عَنِّي يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا عَظِيمَ الْمَنِّ يَا مُبْدِئَ النِّعَمِ قَبْلَ

فرما اے جلال و اکرام والے، اے عظیم احسان والے اے عطا کرنے والے نعمتوں کے اپنی طرف سے پہل کرتے

اِسْتِحْقَاقِهَا يَا رَبَّنَا وَيَا سَيِّدَنَا وَيَا مَوْلَانَا وَيَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا

ہوئے بغیر ان کے استحقاق کے، اے ہمارے رب۔ اے ہمارے آقا، اے مولیٰ۔ اے ہمارے منتہائے رغبت

اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ اَنْ لَا تَشْوِيَ خَلْقِي بِالنَّارِ تَمَّ نُورُكَ فَهَدَيْتَ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ نہ جلائے مجھے ساتھ آگ کے۔ تیرا نور کامل ہوا پس تو نے ہدایت دی

فَلَكَ الْحَمْدُ عَظُمَ حِلْمُكَ فَعَفَوْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ بَسَطْتَ يَدَكَ

پس تیرے لیے حمد ہے۔ تیرا حلم عظیم ہوا پس تو نے درگزر فرمائی پس تو ہی لائق حمد ہے، تو نے اپنا دست کرم پھیلایا

فَأَعْطَيْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ رَبَّنَا وَجْهُكَ أَكْرَمُ الْوُجُوهِ وَجَاهُكَ أَعْظَمُ

پس عطا کیا پس تو ہی مستحق حمد ہے۔ اے ہمارے چہرہ سب چہروں سے عزت والا ہے اور تیری عزو جاہ تمام عزو جاہ سے عظیم تر

الْجَاهِ وَعَطِيَّتُكَ أَفْضَلُ الْعَطِيَّةِ وَأَهْنَأُهَا تُطَاعُ رَبَّنَا فَتَشْكُرُ

ہے اور تیرا عطیہ تمام عطیات سے افضل اور خوشگوار ہے، اے رب ہمارے تیری اطاعت کی جاتی پس تو جزاء دیتا ہے

وَتُعْصَى رَبَّنَا فَتَغْفِرُ وَتُجِيبُ الْمُضْطَرَّ وَتَكْشِفُ الضُّرَّ وَتَشْفِ

اور نافرمانی کی جاتی ہے پس بخش دیتا ہے تو پریشان حال کی دعا قبول فرماتا ہے اور ضرر دور کرتا ہے، بیمار کو شفا دیتا

السَّقِيمَ وَتَغْفِرُ الذَّنْبَ وَتَقْبَلُ التَّوْبَةَ وَلَا يَجْزِي بِآلَائِكَ أَحَدٌ

ہے اور گناہ بخشتا ہے توبہ قبول کرتا ہے اور نہیں بدلہ دے سکتا تیری نعمتوں کا کوئی شخص

وَلَا يَبْلُغُ مَدْحَتَكَ قَوْلُ قَائِلٍ فَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ إِيمَانًا

اور نہیں پہنچتا تیری مدحت کو کسی کا قول و بیان پس تو بخش۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایسے ایمان کا

لَا يَرْتَدُّ وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

جو نہ بدلے اور نعمتوں کا جو ختم نہ ہوں اور اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ

وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى دَرَجَةِ الْجَنَّةِ جَنَّةِ الْخُلْدِ فِي بُحْبُوحَةِ الْجِنَانِ

وسلم کی رفاقت کا جنت کے اعلیٰ درجات میں، جنت خلد میں جو تمام جنتوں کے وسط میں ہے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي تَوَسَّلْتُ إِلَيْكَ بِمَنْ سِوَاكَ فَأَنْتَ الْوَسِيلَةُ فِي

اے اللہ میں نے تیری طرف وسیلہ بنایا تیرے ماسوا کو پس تو ہی وسیلہ ہے

الْحَقِيقَةِ فَإِنَّ مَنْ سِوَاكَ لِمَظْهَرِيَّةِ صِفَاتِكَ حَقِيقٌ بِأَنْ

حقیقت میں کیونکہ تیرا ماسواء بسبب تیرا مظہر صفات ہونے کے اس لائق ہے

يُتَوَسَّلَ بِهِ فَأَنْتَ السَّائِلُ وَأَنْتَ الْمَسْئُولُ وَأَنْتَ الْوَسِيلَةُ

کہ اس سے توسل کیا جائے پس تو ہی سوال کرنے والا ہے اور تو ہی سوال کیا ہوا ہے اور تو ہی وسیلہ ہے

فَاقْضِ حَاجَتِيَ الَّتِي تَعْلَمُهَا بِحُرْمَةِ سِرِّ سِرِّكَ الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَ

پس پوری فرما میری حاجت جسے تو جانتا ہے بطفیل حرمت اپنے اس مخفی راز کے جو تیرے اور تیرے

حَبِيبِكَ مُحَمَّدٍ الَّذِي الْإِشَارَاتُ وَالْكِنَايَاتُ وَالصَّرَاحَاتُ هُوَ عَيْنُ

حبیب محمد کے درمیان ہے جب کہ اشارات و کنایات اور تصریحات بعینہ

مَقْصُودِ الْحُبِّ وَحُبُّ الْمَقْصُودِ عَيْنٌ وَلِمَقْصُودِ عَيْنِ الْحُبِّ عَيْنٌ

مقصود محبت ہیں اور حب مقصود و مطمح نظر ہے۔ اور واسطے نگاہ محبت کے مطلوب و مقصود کے وجود حقیقت

وَهُوَ عَيْنٌ وَعَيْنُ الْعَيْنِ عَيْنٌ وَعَلَى مُحَمَّدٍ الصَّلٰوةُ وَالتَّسْلِيمَاتُ وَ

ہے اور وہی حقیقت ہے اور حقیقت کی حقیت و تحقق برحق ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوات و تسلیمات اور

الْبَرَكَاتُ قَبْلَ كُلِّ أَحَدٍ وَّبَعْدَ كُلِّ أَحَدٍ وَمَعَ كُلِّ أَحَدٍ صَلٰوةً لَهَا أَهْلِيَّةً

برکات نازل فرما ہر ایک سے پہلے، ہر ایک کے بعد اور ہر ایک کے ساتھ ایسی صلوٰۃ جس کے وہ

كَامِلَةً تَامَّةً بِجِسْمِهِ وَرُوحِهِ وَقَلْبِهِ وَجَمِيعِ لَطَائِفِهِ وَحَقَائِقِهِ

کامل مقدار ہیں اپنے جسم و روح اور قلب اور تمام لطائف و حقائق کے ساتھ

أَحْفَى الْعِبَادَاتِ أَزْكَى الْإِرَادَاتِ أَمْرَ الْإِرْشَادَاتِ نَاهِيَ الْمَنْهِيَّاتِ

درآنحالیکہ عبادات میں بہت مشقت اٹھانے والے، بہت پاکیزہ ارادوں والے، ارشادات عالیہ کا حکم دینے والے اور ممنوعیت کے لائق اشیاء کے منع

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ لَّا شَاهِدَ إِلَّا أَنْتَ صَلَوَاتُكَ وَتَسْلِيمَاتُكَ وَتَعْظِيمَاتُكَ

کرنے والے ہیں۔ اے اللہ اے کہ نہیں شاہد مگر تو ہی، تیری صلوات و تسلیمات اور تعظیمات

وَتَكْرِيمَاتُكَ وَتَمْجِيدَاتُكَ وَمَكَارِمَاتُكَ عَلَى مُحَمَّدٍ حَبِيبِكَ

و تکریمات اور بزرگیوں اور برتریوں کی عطائیں اور کرمنوازیاں ہوں اپنے حبیب محمد پر

الَّذِي مَا أَحْبَبْتَ أَحَدًا إِلَّا بِتَوَسُّطِ حُبِّهِ إِيَّاهُ فَإِنَّهُ الْمَحْبُوبُ

کہ نہیں محبوب بنایا تو نے کسی کو مگر بوجہ محبت رکھنے اس کے تیرے حبیب کے ساتھ کیونکہ وہی محبوب

الْمَعْنِيُّ الْمَقْصُودُ مِنَ الْمَحْبُوبِينَ وَالْمَطْلُوبُ الْأَصْلِيُّ مِنَ الْمَطْلُوبِينَ

مراد و مقصود ہیں تجھے تمام محبوبین اور مطلوب اصلی ہیں تمام مطلوبین سے

عَلٰی وَجْهٍ لَّا یَبْقٰی لِیْ اَوْ لِاَحَدٍ غَیْرِیْ مَظَنَّةٌ فِیْ اِسْتِقَامَةِ مَحْبُوْبِیَّتِهٖ

ایسی وجہ پر کہ نہ باقی رہے میرے لیے اور نہ کسی دوسرے شخص کے لیے جگہ گمان کی ان کی محبوبیت کے راست اور راسخ ہونے میں

یَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِیْرِ وَیَا عِصْمَةَ الْبَآئِسِ الْخَائِفِ الْمُسْتَجِیْرِ وَ

اے خالق آفتاب کے اور روشن چاند کے اور شدت و سختی میں مبتلا خوفزدہ طالب پناہ کی عصمت و پناہ اور

یَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ وَیَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْکَسِیْرِ اَدْعُوْكَ دُعَآءَ الْبَآئِسِ

اے رزق دینے والے چھوٹے بچے کو اور اے جوڑنے والے ٹوٹی ہوئی ہڈی کے میں تجھ سے دعا کرتا مانند دعا سختیوں میں گھرے

الْفَقِیْرِ کَدُعَآءِ الْمُضْطَرِّ الضَّرِیْرِ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَ

ہوئے فقیر کے، مانند پریشان حال نابینا کی دعا کے، میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بطفیل عزوشرف والی نشست گاہوں کے تیرے عرش

بِمَفَاتِیْحِ الرَّحْمَةِ مِنْ کِتَابِكَ وَبِالْاَسْمَآءِ الثَّمَانِیَةِ الْمَکْتُوْبَةِ عَلٰی قَرْنِ

سے اور بطفیل رحمت کی چابیوں کے تیری کتاب سے اور بطفیل تیرے آٹھ اسماء کے جو لکھے ہوئے ہیں سورج کے

الشَّمْسِ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَجَلَآءَ حُزْنِیْ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا

کنارے پر کہ بنائے تو قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار اور رونق اور میرے حزن و ملال کی دوری کا موجب۔ اے رب ہمارے

یَا مُوْنِسَ کُلِّ وَحِیْدٍ وَیَا صَاحِبَ کُلِّ فَرِیْدٍ وَّغَرِیْبٍ وَیَا قَرِیْبًا غَیْرَ

دے ہمیں دنیا میں، اے مونس پر تنہا کے اور ساتھی ہر اکیلے اور مسافر کے اور اے قریب ترین جو بالکل

بَعِیْدٍ وَیَا شَاهِدًا غَیْرَ غَآئِبٍ وَیَا غَالِبًا غَیْرَ مَغْلُوْبٍ هَیِّئْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ

دور نہیں۔ اے حاضر و موجود جو بالکل غائب نہیں، اے غالب جو مغلوب نہیں ہو سکتا تیار فرما میرے لیے میرے امر سے

رَشَدًا یَا رَشِیْدُ وَیَا نُوْرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَیَا زَیْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

بھلائی۔ اے رشید اور روشن کرنے والے آسمانوں اور زمین کے اور اے زینت آسمانوں کی اور زمین کی

یَا جَبَّارَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا عِمَادَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ

اے غالب آسمانوں اور زمینوں پر۔ اے سہارے اور ذریعۂ قیام آسمانوں اور زمینوں کے، اے موجد آسمانوں اور

وَالْاَرْضِ یَا قَیِّمَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَدِّ وَمِنْكَ الْجَدُّ یَا صَرِیْخَ

زمینوں کے۔ اے قائم رکھنے والے آسمانوں اور زمینوں کے، اے بزرگی والے اور تجھی سے ہے (ہر ایک کی) بزرگی، اے حاجت روائے

الْمُسْتَصْرِخِیْنَ وَمُنْتَهَی الْعَآئِذِیْنَ وَالْمُفَرِّجَ عَنِ الْمَکْرُوْبِیْنَ وَ

فریاد کناں اور منتہاء و غایت پناہ لینے والوں کی اور دور کرنے والے شدائد کے اندوہناک لوگوں سے اور

الْمُرَوِّحَ عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ وَمُجِیْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ وَیَا کَاشِفَ

تخفیف کرنے والے غمزدگان سے اور قبول کرنے والے دعا مجبوروں کی اور اے دور کرنے والے

الْکَرْبِ یَا اِلٰهَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ کُلُّ حَاجَةٍ فِیْ

شدائد کے۔ اے معبود اولین و آخرین کے، تیرے حضور ہی پیش کی جاتی ہے دونوں جہان کی

الدَّارَیْنِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ

ہر حالت۔ اے اللہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے واحد لا شریک لہ، ہے

تُجِیْرُ الْکَسِیْرَ وَتُغْنِی الْفَقِیْرَ وَتَرْحَمُ الضَّعِیْفَ وَتُغِیْثُ اللَّهِیْفَ

دور کرتا ہے شکستگی شکستہ خاطروں کی اور غنی کرتا ہے فقیر کو اور رحم فرماتا ہے ناتواں پر اور امداد فرماتا ہے افسوس اور حسرت والوں کی

وَتَضَعُ وَتَرْفَعُ وَتَصِلُ وَتَقْطَعُ وَتُجِیْرُ وَلَا یُجَارُ عَلَیْكَ وَتُعِزُّ مَنْ

اور پست کرتا ہے اور بلند فرماتا ہے اور وصل بخشتا ہے اور جدا کرتا ہے اور پناہ دیتا ہے اور نہیں کوئی پناہ دیا جا سکتا تیرے خلاف

تَذَلَّلَ بَیْنَ یَدَیْكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ لِیْ فِیْ مَآ اَنَا فِیْهِ

اور تو عزت دیتا ہے اسے جو تیرے حضور عجز و نیاز سے کام لے۔ اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا کہ تو بنائے خلاصی

فَرَجًا وَّمَخْرَجًا یَا جَارَ الْمُسْتَجِیْرِیْنَ وَیَا اَمَانَ الْخَآئِفِیْنَ یَا عِمَادَ

اور نکلنے کی جگہ میرے لیے اس مشکل سے جس میں میں مبتلا ہوں اے پناہ دینے والے طالبانِ پناہ کو اور امان خوفزدگان کی

مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ یَا ذُخْرَ مَنْ لَّا ذُخْرَ لَهٗ یَا حِرْزَ

اور بے سہاروں کے سہارے اور اے دلیل و حجت ان کی جن کے لیے کوئی حجت و سند نہیں اور اے ذخیرے بے ذخیرہ لوگوں کے۔ اے

الضُّعَفَآءِ یَا کَنْزَ الْفُقَرَآءِ یَا عَظِیْمَ الرَّجَآءِ یَا مُنْقِذَ الْهَلْکٰی یَا مُنْجِیَ

کمزوروں کی پناہ اور فقراء کے خزانہ۔ اے عظیم امیدوں کے مرکز۔ اے بچانے والے اہل ہلاکت کے، اے نجات دینے والے

الْغَرْقٰی یَا مُحْسِنُ یَا مُجْمِلُ یَا مُنْعِمُ یَا مُفْضِلُ یَا جَبَّارُ یَا مُنِیْرُ

اہل غرق کے۔ اے محسن۔ اے سب کو جمیل بنانے والے۔ اے منعم و محسن۔ اے فضیلت دینے والے۔ اے جبار۔ اے روشن کرنے والے

اَنْتَ الَّذِیْ سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّیْلِ وَضَوْءُ النَّهَارِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَ

تو ہی ہے جسے سجدہ کیا رات کی تاریکی اور دن کی روشنی نے سورج کی شعاع اور

نُوْرُ الْقَمَرِ وَخَفِیْقُ الشَّجَرِ وَدَوِیُّ الْمَآءِ یَا اَللّٰهُ اَنْتَ اللّٰهُ لَا شَرِیْكَ

چاند کے نور نے اور درختوں کے لہرانے کی آواز اور پانی کی روانی والی آواز نے اے اللہ تو ہی اللہ ہے نہیں کوئی شریک

لَكَ یَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ یَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ لَهٗ یَا ذُخْرَ مَنْ لَّا

تیرے لیے۔ اے بے سہاروں کے سہارے۔ اے بے آسروں کے آسرے۔ اے بے ذخیروں یعنی فقیروں کے

ذُخْرَ لَهٗ یَا جَابِرَ كُلِّ كَسِیْرٍ یَا صَاحِبَ كُلِّ غَرِیْبٍ یَا مُؤْنِسَ كُلِّ

ذخیرہ و خزانہ۔ اے شکستہ خاطروں کی شکستگی دور کرنے والے، اے ہر غریب الوطن کے ساتھی، اے ہر

وَحِیْدٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اَنْتَ وَلِیِّیْ

تنہا کے مونس۔ نہیں معبود برحق مگر تو۔ میں تیری تسبیح کرتا ہوں۔ بیشک میں ظالمین میں سے تھا، تو ہی میرا ولی ہے

فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ وَاَصْلِحْ

دنیا و آخرت میں۔ مجھے وفات دے حالتِ اسلام میں اور لاحق فرما صالحین کے ساتھ اور اصلاح فرما

لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

میری خاطر میری اولاد کی، میں نے تیری بارگاہ میں توبہ کی اور میں اطاعت گزاروں سے ہوں۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْاَزْوَاجِ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو پاک ازواج والے

الطَّاهِرَاتِ وَالْعُلُوِّ عَلَی الدَّرَجَاتِ وَالزَّمْزَمِ وَالْمَقَامِ وَالْمَشْعَرِ

ہیں اور درجات عالیہ اور زمزم و مقام اور مشعر

الْحَرَامِ وَاجْتِنَابِ الْاٰثَامِ وَتَرْبِیَةِ الْاَیْتَامِ وَالْحَجِّ وَتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ

حرام والے ہیں اور گناہوں سے بچنے والے۔ یتیموں کی تربیت کرنے والے اور حج اور تلاوتِ قرآن

وَتَسْبِیْحِ الرَّحْمٰنِ وَصِیَامِ رَمَضَانَ وَاللِّوَآءِ الْمَعْقُوْدِ وَالْكَرَمِ وَ

اور تسبیح رحمٰن اور صیام رمضان والے اور تیار لواء حمد والے۔ صاحب جود و کرم

الْجُوْدِ وَالْوَفَآءِ بِالْعُهُوْدِ صَاحِبِ الرَّغْبَةِ وَالتَّرْغِیْبِ وَالْبَغْلَةِ

اور وعدوں، پیمانوں کو نبھانے والے۔ خود حق کی طرف راغب ہیں اور دوسروں کو ترغیب دینے والے اور خچر

وَالنَّجِیْبِ وَالْحَوْضِ وَالْقَضِیْبِ صَاحِبِ الْوَجْهِ الْجَمِیْلِ وَ

اور عمدہ گھوڑوں والے اور صاحبِ حوض اور صاحبِ عصا ہیں خوبصورت چہرہ والے اور

الطَّرْفِ الْكَحِیْلِ وَالْخَدِّ الْاَسِیْلِ وَالْكَوْثَرِ وَالسَّلْسَبِیْلِ صَاحِبِ

سرمگیں آنکھ والے اور نرم و ملائم رخسار والے اور صاحب کوثر و سلسبیل صاحب

جِبْرِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ صَاحِبِ الْحُسْنِ وَالْجَمَالِ وَالْبَهْجَةِ وَالْكَمَالِ

جبرئیل علیہ السلام، صاحب حسن و جمال اور مالک نورانیت و کمال

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ مِنْ زَمَانِیْ هٰذَا وَاِحْدَاقِ الْفِتَنِ وَتَطَاوُلِ اَهْلِ

اے اللہ مجھ پر رحم فرما میرے اس (اہل) زمانہ سے اور فتنوں کے احاطہ سے اور

الْجُرْاَةِ عَلَیَّ وَاسْتِضْعَافِهِمْ اِیَّایَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

جری لوگوں کے مجھ پر ظلم اور دست درازی سے اور ان کے مجھے ضعیف و ناتواں سمجھنے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الشَّرَفِ وَالْمَجْدِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر اور آپ کی آل پر جو کہ شرف اور بزرگی کے مالک ہیں۔ اے اللہ

اجْعَلْنِیْ مِنْكَ فِیْ عِیَادٍ مَّنِیْعٍ وَّحِرْزٍ حَصِیْنٍ مِّنْ جَمِیْعِ خَلْقِكَ

بنا مجھے اپنی طرف سے ناقابل تسخیر قلعہ میں اور مضبوط پناہ گاہ میں اپنی تمام مخلوق سے

حَتّٰی تُبَلِّغَنِیْ اَجَلِیْ مُعَافًا اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُصَوِّرُ لِلْاَشْكَالِ وَمُشَكِّلُ

حتی کہ پہنچائے تو مجھے میری اجل تک حالت عافیت میں۔ اے اللہ تو ہی اشکال کی صورتگری کرنے والا ہے اور انوکھی

دَقَآئِقِ بَدَآئِعِ الْاَشْكَالِ وَمُخْتَلِفِ تَصْوِیْرِ الْمِثَالِ وَالْمُخْتَرِعُ

شکلیں موجود کرنے والا ہے اور مجسموں کی مختلف تصاویر پیدا کرنے والا ہے اور ایجاد کرنے والا ہے

تَصَاوِیْرَهَا وَتَرَاكِیْبَهَا اَسْئَلُكَ یَا مُبْدِعَ مِثَالِهَا وَمُصَوِّرَ الصُّوَرِ

ان کی تصویروں اور ترکیبوں کا میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے موجدان کی مثالوں اور مجسموں کے اور نقش گری کرنیوالے صورعلویہ

الْعُلْوِيَّةِ بِاَشْكَالِهَا وَحَقَآئِقِهَا مِنَ الْمَلِيْحِ وَالْقَبِيْحِ وَالْجَمِيْلِ وَ

کی بمع ان کی شکلوں اور حقائق کے پرکشش ہوں یا بدصورت یا حسین و جمیل اور

الْكُلِّ مِنْ فِعْلِكَ اَنْتَ مُبْدِعُ الْاَرْوَاحِ وَمُخْتَرِعُ الْاَجْسَامِ اَسْئَلُكَ

سبھی تیری ایجاد و تخلیق سے ہیں تو ہی از سر نو پیدا کرنے والا ہے ارواح کا اور ایجاد فرمانے والا ہے اجسام کا میں سوال

بِسِرِّ اِمْدَادِكَ فِى الْعَوَالِمِ الْعُلْوِيَّةِ وَالسِّفْلِيَّةِ اَنْ تُزِيْلَ عَنِّىْ

کرتا ہوں تیرے جاری مسلسل فیض کے راز مخفی کے طفیل جو علوی اور سفلی جہانوں میں ہے کہ زائل فرمادے مجھ سے

الْاٰلَامَ وَالْاَسْقَامَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمُنْعِمُ الْمُتَفَضِّلُ اَنْعَمْتَ عَلَى

درد و آلام اور بیماریوں کو۔ اے اللہ تو ہی انعام فرمانے والا، کامل فضل و جود والا ہے تو نے انعام فرمایا

الْمَخْلُوْقَاتِ بِنِعْمَةِ الْاِيْجَادِ اَسْئَلُكَ بِسِرِّ هٰذَا السِّرِّ اللَّطِيْفِ اَنْ

مخلوقات ہر ساتھ نعمت ایجاد کے، میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس سر لطیف کے خفاء کے طفیل کہ

تُمِدَّنِىْ بِرَقِيْقَةٍ مِّنْ رَّقَآئِقِكَ وَتَكْشِفَ لِىْ بِهَا عَنْ حَقَآئِقِ الْاَشْبَاحِ

میری امداد فرمائے ساتھ نفیس راز کے اپنے عمدہ رازوں سے اور پردہ ہٹائے میرے لیے بطفیل اس کے

الصُّوْرِيَّةِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْجَوَادُ بِالْعَطَايَا وَالْاِنْعَامِ الْبَاذِلَةِ وَالْوَاهِبُ

صوری و محسوس مجسموں کے حقائق سے۔ اے اللہ تو صاحب جود و نوال ہے ساتھ عطیات دینے کے اور قوی و توانا جانور عطا کرنے کے اور

لِكُلِّ مَوْجُوْدٍ مَوْهَبَةً مِّنْ خَزَآئِنِكَ الْمَمْلُوَّةِ لَا تَنْقُصُ بِكَثْرَةِ الْبَذْلِ

ہبہ کرنے والا ہے ہر موجود کو اپنے بھرپور خزائن سے عطیات کا جو کہ نہیں ہوتے زیادہ خرچ کرنے سے

وَبُرُوْزِ اَنْفَاسِكَ بِمَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِكَ مِمَّنْ تَخْتَارُ مِنْ فَضْلِكَ

اور نفیس اشیاء کے بروز و ظہور سے جسے چاہے اپنے بندوں میں سے جنہیں اختیار کرے اپنے فضل و کرم سے

اَسْئَلُكَ يَا وَهَّابُ الْجَزِيْلِ مِنَ الْعَطَايَا وَيَا دَافِعَ الْبَلَايَا اَنْ تُعْطِيَنِىْ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے عظیم تر عطیات کے ہبہ کرنے والے اور بلیات کے دور کرنے والے کہ مجھے عطا فرمائے

الْجَزِيْلَ مِنْ نِّعَمِكَ وَتَدْفَعَ عَنِّى الْجَلِيْلَ وَالْحَقِيْرَ مِنْ بَلَآئِكَ وَ

اپنی بڑی نعمتوں سے اور دور فرمائے مجھ سے اپنی بڑی اور چھوٹی مصیبتیں اور

اَنْ تُعَاجِلَنِىْ لِهَلَاكِ الْاَضْدَادِ الْمُعْتَدِيْنَ وَاَنْ تَسْرَعَ بِقَهْرِكَ الْحُسَّادَ

جلدی فرمائے میرے مخالفین اور ظالمین کی ہلاکت میں اور سرعت سے قہر کا نشانہ بنائے حاسدوں

الْجَآئِرِيْنَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَهَبَ لِىْ رِزْقًا حَلَالًا وَّسِرًّا اِلٰهِيًّا تَرْفَعُ بِهِ

اور ظالموں کو، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے رزق حلال بخشے اور سر الٰہی سے محرم راز کرے جس کی بدولت

الْحُجُبَ الظُّلْمَانِيَّةَ مِنْ قَلْبِىْ فَاَهْتَدِىَ بِكَ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ قُدْرَتُكَ

اٹھاوے ظلمانی پردے میرے دل پر سے پس میں ہدایت پاؤں تجھ سے تجھی تک۔ اے اللہ تیری قدرت

فِى الْاَرْضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ بِاِيْجَادِ الْاَشْيَآءِ وَبَسْطَتِهَا وَبِحِكْمَتِكَ ثَبُوْتُ

بزرگ فرشتوں کی بقاء تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ دائم ہو ساتھ دوام

التَّکْرَارِ اِلٰی یَوْمِ الْقِصَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً

تکرار کے۔ انتہاء کے تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ

بَاقِیَۃً بِبَقَآءِ الْاَبْرَارِ بِدَارِ الْقَرَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

باقی رہے تمام نکوکاروں کی بقاء تک دار قرار یعنی جنت میں۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ بَقَآءِ مَا لَا یَفْنٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ

محمد پر جو صلواۃ دائم مطابق دوام و بقاء ان اشیاء کے جو فناء نہیں ہوں گی۔ اے اللہ صلواۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً بَاقِیَۃً بِبَقَآءِ الْمَجْدِ وَالثَّنَاءِ وَ

نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ باقی رہے مجد و ثناء اور

النُّوْرِ وَالسَّنَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً

نور و ضیاء کی بقاء تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ دائم ہو

بِدَوَامِ الْکُتُبِ الْمُنَزَّلَۃِ مِنَ السَّمَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا

آسمان سے نازل شدہ کتابوں کے دوام تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً بَاقِیَۃً بِبَقَآءِ الْحَسَنَاتِ الْمُتَقَبَّلَۃِ وَالدُّعَآءِ

محمد پر جو صلواۃ باقی رہے مقبول نیکیوں اور دعاؤں کی بقاء تک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ الضِّیَآءِ وَ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ باقی رہے ضیاء اور نور

الْبَھَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً بَاقِیَۃً بِبَقَآءِ سِدْرَۃِ

کے دوام تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ باقی رہے سدرۃ

الْمُنْتَھٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ

المنتہیٰ کی بقاء تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ دائم ہو مطابق

الْمَحْظُوْظِ وَالْمُفَخَّمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً بَاقِیَۃً

لطف اندوز ہونے والوں اور تعظیم والوں کے دوام کے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ باقی ہو

بِبَقَآءِ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَالْقَلَمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

لوح محفوظ اور قلم کی بقاء تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر

صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ السُّرُوْرِ وَالرِّضَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

جو صلواۃ دائم ہو سرور و رضا کے دوام تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً بَاقِیَۃً بِبَقَآءِ دُرَّۃِ الْبَیْضَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

سیدنا محمد پر جو صلواۃ باقی رہے درۂ بیضاء اور جوہر محمدی کی بقاء تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ الْاَجْرِ وَالثَّوَابِ اَللّٰھُمَّ

سیدنا محمد پر جو صلواۃ دائم ہو اجر و ثواب کے دوام کے مطابق۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً بَاقِیَۃً بِبَقَآءِ طُوْبٰی وَحُسْنِ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ باقی رہے جنت کے شجر طوبیٰ اور حسن

مَاٰبٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً اِلٰی یَوْمِ

مقام و مرجع کے دوام و بقاء تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمد پر جو صلواۃ دائم ہو پیشی والے دن

الْعَرْشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَآءِ

تک ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ باقی ہو مطابق بقاء ودوام

كُرْسِيِّكَ الَّذِىْ وَسِعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

تیری کرسی کے جو محیط ہے تمام آسمانوں اور زمینوں کو۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ رُتَبِ الْكَمَالِ وَالْمَعَالِىْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

محمدؐ پر جو صلواۃ دائم ہو مراتب کمال اور بلند درجات کے دوام تک ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَآءِ حُجُبِ الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ باقی رہے جلال وجمال کے حجابات کی بقاء تک۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ رَغْبَةِ الْمَطْلُوْبِ وَالْمَرْغُوْبِ

صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ دائم ہو مطلوب و مرغوب کی رغبت کے دوام تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَآءِ حُبِّ الْحُبِّ وَالْمُحِبِّ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ باقی ہو محبت اور محب اور محبوب کے

وَالْمَحْبُوْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ الْحُبِّ

باہمی تعلق محبت کی بقاء تک ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ دائم ہو حب فی اللہ

فِى اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَآءِ الْمَوَدَّةِ لِلّٰهِ

کی بقاء تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ باقی ہو اللہ تعالیٰ کی خاطر بقاء مودت تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ الْمُقَارَبَةِ فِىْ

اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ دائم ہو مطابق دائم ہونے قرب و نزدیکی کے

سَبِيْلِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَآءِ

راہ خداوند تعالیٰ میں ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ دائم ہو اللہ تعالیٰ کے ساتھ

الْمُصَاحَبَةِ مَعَ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً

مصاحبت کے دوام تک۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ دائم ہو

بِدَوَامِ صِبْغَةِ اللّٰهِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اللہ تعالیٰ کے زینت ایمان وعرفان سے مزین کرتے رہنے تک اور کون ہے اللہ تعالیٰ جیسا حسین ترین زینت بخش۔ اے اللہ صلواۃ

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَآءِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا

نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ باقی ہو جبتک باقی رہے رضاء اللہ تعالیٰ کی اپنے مقبولان بارگاہ سے اوران کی رضا

عَنْهُ ۚ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِىَ رَبَّهٗ ۚ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً

اللہ تعالیٰ سے اور یہ عظیم شان ہے اس کا جو اپنے رب تعالیٰ سے ڈرا۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو صلواۃ

دَآئِمَةً بِدَوَامِ وَدَادِ الْوَدُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو دائم رہے اللہ ودود کی مودت ومحبت کے دوام تک ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

صَلٰوةً بَاقِيَةً بِبَقَآءِ الْمَلِكِ الْمَعْبُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

جو صلواۃ باقی رہے شہنشاہ معبود کی بقاء کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ كَلِمَاتِ اللّٰهِ وَصَلٰوةً بَاقِيَةً

محمدؐ پر جو صلواۃ دائم ہو اللہ کے کلمات کے دوام تک اور جو صلواۃ باقی رہے

بِبَقَآءِ ذَاتِ اللّٰهِ مِنْ مَّظْهَرِ نُوْرِ الْاَسْنٰى وَقُرْبِ قَابَ قَوْسَيْنِ

ساتھ بقائے ذات باری تعالیٰ کے (کہ ظاہر ہیں اس کے تجلیات) اپنے نور انوار کے مظہر اور قاب قوسین

اَوْ اَدْنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور ادنی کے قرب والی ذات سے۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر

كَنْزِ الذَّاخِرِ وَالْكَاشِفِ لِكُلِّ عِلَّةٍ وَّنِهَايَةِ اَعْمَالِ الصَّالِحِيْنَ

جو محبوب بھرپور خزانہ ہیں (معارف الٰہیہ اور جملہ انعامات کا) اور دور کرنے والے ہیں ہر بیماری کے اور منتہیٰ ہیں صالحین کے اعمال کا

وَغَايَةِ رَغْبَةِ الرَّاغِبِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور منتہیٰ ہیں اہل رغبت کی رغبت کا۔ اے اللہ صلواۃ نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالَّذِىْ سَلَكَ بِهٖٓ اٰدَمُ فَنَجٰى وَكُلُّ رُسُلِكَ اِلَيْهِ

کی آل اطہار پر جس محبوب کے توسل سے تجھ سے سوال کیا حضرت آدم نے پس نجات پائی اور تیرے تمام مرسلین نے ان کی

قَدِ الْتَجَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پناہ لی ہے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

سَعِيْدِ السُّعَدَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

جو سب اہل سعادت سے زیادہ سعادتمند ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدِنِ الْحَبْلِ الْمُمْتَدِّ بَيْنَكَ وَبَيْنَ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پر جو لٹکائی ہوئی رسی ہیں تیرے اور تیری مخلوق کے درمیان (تیری ذات تک رسائی کے لیے) اے اللہ صلواۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فَرْدِ الْاِحَاطَاتِ وَالْكَمَالَاتِ

نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو یکتا ہیں احاطۂ (علوم ومعارف میں) اور کمالات

وَالنِّهَايَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

و نہایات میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ رَوْضِ الْعِلْمِ الْخَصِيْبِ وَمَظْهَرِ سِرِّ الْقَوْلِ الْمُصِيْبِ

پر جو سرسبز وشاداب باغ ہیں علم کا اور مظہر راز ہیں صحیح و صورت قول کا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر

مَنْ لَّاحَ فِيْهِ وَعَلَيْهِ كَلَامُكَ الْقَدِيْمُ وَظَهَرَ فِيْهِ نُوْرُ سِرِّكَ

جس محبوب میں اور ان پر ظاہر ہوا تیرا کلام قدیم اور ظاہر ہوا ان میں تیرے راز مخفی کا

الْعَظِيْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نور عظیم۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر

الَّذِيْ فَضَّلْتَ تُرْبَتَهٗ عَلَى الْعَرْشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کہ محبوب کے خاک کفِ پا کو تو نے فضیلت دی عرش اعظم پر۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ قَرَّبْتَهٗ مِنْ عِزِّكَ وَ

محمد پر اور آل محمد پر جنہیں تو نے قریب فرمایا اپنی بارگاہِ عزت اور

قُدْسِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

تقدس کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ نُوْرِكَ الْاَعْظَمِ وَجَمَالِكَ الْاَكْرَمِ وَكَمَالِكَ الْاَقْدَمِ وَ

پر جو محبوب تیرے عظیم تر نور اور مکرم ترین جمال اور قدیم ترین کمال مجسم اور

صِرَاطِكَ الْاَقْوَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى

راست ترین راہ ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ اَقْسَمْتَ بِهٖ لِعَظَمَتِهٖ وَشَرَّفْتَهٗ فِيْ

آل محمد پر جس محبوب کی تو نے قسم اُٹھائی بسبب ان کی تعظیم کے اور تو نے انہیں مشرف فرمایا

ذٰلِكَ بِوَصْفِ ذٰلِكَ لِسِيَادَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اس وصف وخوبی کے ساتھ ان کی سیادت کی وجہ سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ الَّذِيْ اَفْرَدْتَّهٗ لَكَ فَانْفَرَدَ وَ

محمد پر اور آل محمد پر جس محبوب کو تو نے اپنی ذات کے لیے منفرد ٹھہرایا پس وہ منفرد ہوگئے اور

وَحَدْتَّهٗ فَتَوَحَّدَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى

انہیں یکتا بنایا پس وہ یکتا ہوگئے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُشْرِقِ الْبَوَاطِنِ وَالظَّوَاهِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کی آل اطہار پر جن کے باطنی کیفیات اور ظاہری حالات روشن ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُفِيْضِ عَلَى الْوَارِدِيْنَ

نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب فیض رساں ہیں تیری طرف وارد ہونیوالوں

اِلَيْكَ وَالْمُمِدِّ لِلْوَاصِلِيْنَ اِلٰى حَضْرَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کے لیے اور معاون ہیں تیری بارگاہ تک واصل ہونے والوں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ مَلَأَ نُوْرُهٗ

سیّدنا محمد پر اور آل محمد پر جس محبوب کے نور نے معمور کر دیا ہے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

آسمانوں اور زمینوں کو اور درمیانی فضاء کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَحَاطَ بِعِلْمِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

محمد پر اور آل محمد پر جس محبوب نے احاطہ فرما لیا اولین وآخرین کے علم کا

وَتَحَقَّقَ بِحَقَآئِقِ الْعِرْفَانِ وَالْيَقِيْنِ وَتَمَّ قَبْلَ مَظَاهِرِ

اور موصوف ہوگئے عرفان و یقین کے حقائق کے ساتھ اور تام وکامل ہوگئے تمام مظاہر

التَّكْوِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

تخلیق سے قبل۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدٍ نِهَايَةِ الْاَمْدَادِ وَالْاِمْدَادِ وَكِفَايَةِ الْاَسْعَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

پر جو کہ انتہاء ہیں مددوں کی اور امداد کی اور سراپا کفایت ہیں نیک بختیوں میں۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ اهْتَدٰى بِهِ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جس محبوب کے ساتھ ہدایت پائی

السَّآئِرُوْنَ وَاسْتَرْشَدَ بِهِ الْمُسْتَرْشِدُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

راہ روؤں نے اور رشد و بھلائی حاصل کی اس کے طلبگاروں نے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ رَحِمْتَ الْعَالَمَ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر کہ جس محبوب کی بدولت رحم فرمایا تونے تمام عالم پر

بِسَبَبِهٖ وَاَعْلَيْتَ الصِّدِّيْقِيْنَ بِهٖ لِشُهُوْدِ شَرِيْفِ رُتَبِهٖ اَللّٰهُمَّ

اور بلندی عطا فرمائی ان کے طفیل صدیقین کو ان کے اعلیٰ مراتب کے دیدار کے لیے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جس محبوب نے

اَحَقَّ الْحَقَّ وَاَبْطَلَ الْبَاطِلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

حق کو ثابت فرمایا اور باطل کو نیست ونابود فرمایا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ شَقَّقْتَ لَهٗ مِنِ اسْمِكَ لِيَنْفَرِدَ

اور آل محمد پر جس محبوب کا تونے اپنے اسم گرامی سے اسم مبارک مشتق فرمایا تاکہ منفرد

عَنِ الْاَوَاخِرِ وَالْاَوَآئِلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ممتاز ہو جائیں تمام آخرین واولین سے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَحْمَدِ هٰذَا الْعَالَمِ الْكَبِيْرِ وَالصَّغِيْرِ وَاَشْرَفِهٖ

آل محمد پر جو سب سے زیادہ حمد کرنے والے ہیں اس عالم کبیر و صغیر میں اور تمام عالم سے اشرف

وَاَجَلِّهٖ فِيْ سَآئِرِ التَّقَادِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور اجل ہیں تمام پہلوؤں اور صفات میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الذَّاتِ الْعُظْمٰى وَمُكَمِّلِ اَهْلِ النُّوْرِ

آپ کی آل اطہار پر جو محبوب عظیم تر ذات ہیں اور کامل نور والوں کی تکمیل

الْاَسْنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

کرنے والے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدٍ قُطْبِ دَآئِرَةِ الْعٰلَمِيْنَ وَصَفْوَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ

پر جو محبوب قطب ہیں تمام جہانوں کے دائرہ کے اور چنے ہوئے ہیں تمام دنیا وآخرت والوں سے اور

الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اہل دین سے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ وَارِثِ الْوِلَايَةِ الْكُبْرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پر جو محبوب ولایت کبریٰ کے وارث ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ السِّرِّ الْمَشْهُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آل محمد پر جو مشاہدہ کئے ہوئے راز ہیں (ارباب باطن کے)۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْكَوْثَرِ الْجَارِيْ وَالنُّوْرِ السَّارِيْ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو جاری اور رواں کوثر ہیں اور ہر شئی میں سرایت کرنے والے نور ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سُلْطَانِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو سلطان ہیں

الْبِدَایَاتِ وَالنِّھَایَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

تمام ابتداؤں اور انتہاؤں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَحْمَدِ کُلِّ عَالَمٍ وَّ مُحَمَّدِ کُلِّ مَقَامٍ مِّنْ خَلْقِ

آپ کی آل پر جو ہر عالم میں سب سے زیادہ حامد ہیں اور بہت زیادہ حمد کئے ہوئے ہر مقام میں تخلیق آدم

اٰدَمَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

علیہ السلام سے (ابدتک) اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

جَامِعِ الْقُرْاٰنِ الْمُتَّصِفِ بِصِفَاتِ الْکَمَالِ فِیْ کُلِّ اٰنٍ وَّاٰوَانٍ

جو محبوب قرآن کے جامع اور صفات کمال کے ساتھ متصف ہیں ہر ہر آن میں اور تمام زمانوں میں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

مَّنْ اَقْسَمْتَ بِحَیَاتِہِ الدَّآئِمَۃِ وَعِزَّتِہِ الْقَآئِمَۃِ اَللّٰھُمَّ

جن کی حیات دوام کی اور پائیدار عزت کی تو نے قسم اُٹھائی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو آغاز نبوت ہیں

الْخَاتِمِ الشَّافِعِ الْعَالِمِ عَلٰی اَسْرَارِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور اختتام بھی، صاحب شفاعت ہیں اور تیرے اسرار کے عالم۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَامِعِ الْحَاشِرِ لِاَھْلِ الْخَیْرِ لِلْجِنَانِ وَ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب جمع کرنے والے ہیں یوم محشر میں اہل خیر کو جنتوں کے لیے اور

لِاَھْلِ الشَّرِّ لِلنِّیْرَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اہل شر کو آتشہائے دوزخ کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَمَّ فِیْہِ مَظْھَرُکَ بِکُلِّ زَمَانٍ وَالْقَآئِمِ بِکُلِّ مَقَامٍ

کی آل پر کہ جس محبوب میں کامل ہوا ظہور تیرے (کمالات) کا ہر زمانہ میں اور جو قائم ہیں مقام میں

بِکَمَالِ الْاِمْتِنَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

ساتھ کمال منت و احسان کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْخَاتِمِ لِرُسُلِکَ الْکِرَامِ وَالْمُحِیْطِ بِمَوَادِّ الْاِنْعَامِ

کی آل پر جو محبوب آخری رسول ہیں تیرے رسل کرام سے (بعثت میں) اور محیط ہیں تمام مادہائے انعام کو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل محمد پر

الرَّسُوْلِ لِلظَّوَاھِرِ بِالْجَمَالِ الْبَشَرِیِّ وَالْاِشْرَاقِ الظُّھُوْرِیِّ اَللّٰھُمَّ

جو محبوب رسول ہیں اہل ظاہر کے لیے جمال بشری اور ظاہری نور وضیاء کے ساتھ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّسُوْلِ لِلْبَوَاطِنِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب رسول ہیں اہل باطن اور مخفی

بِالنُّوْرِیِّ السَّنِیِّ وَالْعَیْشِ الْھَنِیِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

مخلوق کے ساتھ شان نور کامل کے اور خوشگوار گزران کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الشَّاھِدِ عَلٰی کُلِّ رَسُوْلٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب گواہ ہیں ہر رسول کے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُبَلِّغِ لِنِھَایَۃِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب پہنچانے والے ہیں مطلوب کی انتہا

السُّؤْلِ الَّذِیْ شَھِدَکَ بِعَیْنِ رَاْسِہٖ وَخَصَّصَہٗ بِذٰلِکَ تَمْیِیْزًا

تک جس نے تیرا مشاہدہ فرمایا سر کی آنکھ سے اور اللہ تعالیٰ نے انہیں مخصوص ٹھہرایا اس خصوصیت کے ساتھ

لَّہٗ فِیْ حَضْرَۃِ قُدْسِہٖ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اپنی بارگاہ قدس میں امتیازی شان دینے کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الضَّحُوْكِ لِلُطْفِهٖ وَمَظْهَرِ امْتِنَانِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

اور آل محمد پر جو بہت تبسم فرمانے والے ہیں بسبب اس کے لطف وکرم کے اور اس کے احسان کا مظہر ہونے کے۔

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْعَالِیْ بِاشْرَاقِ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو بلند و بالا ہیں بسبب روشن ہونے

نُوْرِكَ عَلٰی صَفَحَاتِ وَجْهِهٖ وَثَنَایَاهُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

تیرے نور کے ان کے رخساروں اور دانتوں پر ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْعَاقِبِ لِرُسُلِ الْكِرَامِ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو سراپا ذکر ہیں، آخری ہیں تمام رسل کرام سے

فِی الصُّوَرِ وَالْمُتَقَدِّمِ عَلَیْهِمْ بِالْمَكَانَةِ وَالْمَكَانِ وَالْمُفَضَّلِ اَللّٰهُمَّ

صورو اجسام میں اور مقدم ہیں ان پر مرتبہ و مقام اور فضل و شرف میں ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْخَاتِمِ السُّوَرِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب آخری ہیں اشخاص (انبیاء کی روسے)

وَالْفَاتِحِ لِلْمُقْفَلَاتِ وَالْقَآئِمِ بِحَلِّ الْمُعْضَلَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

اور کھولنے والے ہیں مقفل اشیاء کے اور ضامن ہیں حل مشکلات کے لیے ۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَتَّالِ لِكُلِّ غَوِیٍّ وَّ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو جہاد و قتال کرنے والے ہیں واسطے ہر گمراہ کے

الْمُزِیْلِ لِكُلِّ دَنِیٍّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اور زائل کرنے والے ہیں ہر گھٹیا خصلت وعادت کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَسَمِ الَّذِیْ تَمَّ بِهٖ كُلُّ ظُهُوْرٍ وَّجَمَعَ كُلَّ نُوْرٍ اَللّٰهُمَّ

محمد پر جو محبوب تقسیم کرنے والے ہیں (ہر نعمت کے) جن کی بدولت نام وکامل ہوا ہر ظہور اور جنھوں نے جمع کرلیا ہر نور کو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَاحِیْ لِظَلَامِ الشِّرْكِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو مٹانے والے ہیں شرک

وَالْاَوْهَامِ وَالشُّكُوْكِ وَالْمُوْصِلِ لِدَارِ السَّلَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور اوہام کے اور شکوک وشبہات کی تاریکیوں کو مٹانے والے اور سلامتی کے مکان (جنت) تک پہنچانے والے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی عَلٰی كُلِّ الْاَنَامِ وَ

وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب چنے ہوئے ہیں سب مخلوق سے اور

الْمُبَشِّرِ بِلِقَآءِ الْمَلِكِ الْعَلَّامِ وَفَوَاتِحِ الْاِنْعَامِ وَخَوَاتِمِ الْاِسْلَامِ

بشارت دینے والے ہیں اللہ شہنشاہ بہت علم والے کی ملاقات ودیدار کی اور انعامات کے آغاز اور اسلام واطاعت کے تمغوں

مِنَ السَّلَامِ بِدَارِ السَّلَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کی (اللہ سلام کی طرف سے دارسلام (جنت) میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُتَوَكِّلِ بِحَالِهٖ وَالْمُظْهِرِ فِیْ مَقَالِهٖ اَللّٰهُمَّ

آل محمد پر جو محبوب توکل کرنے والے ہیں اپنے حال میں اور اظہار وتوضیح فرمانے والے ہیں اپنے کلام میں۔ اے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُقَنَّعِ بِقِنَاعِ

اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب اوڑھنے والے ہیں نقاب

بَهَآءِ نُوْرِكَ فِیْ مَعَالِیْ مَعَالِمِ ظُهُوْرِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

تیرے نور کی ضیاء کا تیرے ظہور تام کے بلند مقامات میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الَّذِیْٓ اَنْبَاْتَهٗ بِكَ فَاَنْبَاَ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جس نبی کو تو نے اپنی خبر دی پس اس نے تیری طرف

عَنْكَ وَمَظَاهِرِ ذَاتِكَ وَصِفَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

سے خبر دی اور جو کامل مظہر ہیں تیری ذات وصفات کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّجْمَعِ الْحَقَآئِقِ الْاِلٰهِیَّةِ وَ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محل اجتماع ہیں حقائق الٰہیہ کے اور

عَرْشِ الْاَسْمَآءِ الْحَقِّیَّةِ وَالْخَلْقِیَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

عرش ہیں حقانی اور کائناتی اسماء کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُحْصِیْ کُلَّ شَیْءٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور آل محمد پر جو محبوب احاطہ کرنے والے ہیں ہر شئی کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ نُقْطَةِ تَرْکِیْبِ حُرُوْفِ الْمَوْجُوْدَاتِ اَللّٰھُمَّ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب نقطہ ہیں موجودات کے حروف کی ترکیب کا۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ مَظْھَرِ التَّعَیُّنَاتِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو مظہر ہیں تمام تعینات وتخصیصات

وَمَبْدَءِ الْمُبْدَعَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

کا اور مبدء ہیں تمام ایجادات کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ صَفِیِّكَ مَنْشَاِ التَّصْوِیْرِ وَالتَّکْوِیْنِ وَالتَّقْدِیْرِ

آل محمد پر جو تیرے پسندیدہ ہیں۔ محل ایجاد ہیں صورتگری اور تخلیق اور احسن انداز کا۔

وَحَبِیْبِكَ الْقَلَمِ الْاَعْلٰی وَالطَّرِیْقِ الْاَجْلٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور تیرے حبیب جو قلم اعلیٰ ہیں اور روشن ترین راستہ ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ خَلِیْلِكَ الرَّتْقِ الْمَفْتُوْقِ مِنْهُ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو تیرے خلیل ایسے مبدء ومادہ ہیں کہ پھیلائے گئے انہیں سے

جَمِیْعُ الْعَوَالِمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

تمام جہان۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

مُحَمَّدِ نِ حَرْفِ الْاَعْظَمِیَّةِ وَاَصْلِ الْحُرُوْفِ الْعَالِیَةِ وَ اَوَّلِ

محمد پر جو محبوب عظمت و بڑائی کا حرف و کلمہ ہیں اور تمام حروف عالیہ کی اصل ہیں اور اولین

التَّعَیُّنِ فِی الْمُبْدَعَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

نقش قدرت ہیں موجودات میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الرُّوْحِ الْاَمِیْنِ الْاَعْظَمِ وَاَبِی الْاَرْوَاحِ الْمُعَظَّمِ

آل محمد پر جو محبوب عظیم تر روح امین ہیں اور تمام ارواح کی قابل تعظیم اصل ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ مَّبْدَءِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب مبدأ ہیں

الْمَحَبَّةِ الْاِلٰھِیَّةِ وَمَنْشَاِ الْمَعْرِفَةِ الذَّاتِیَّةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اللہ تعالیٰ کی محبت کے اور مقام آغاز ہیں معرفت ذات کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْعَقْلِ الْاَوَّلِ وَالنُّوْرِ الْاَکْمَلِ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب عقل اوّل، نور اکمل۔

وَالْاِنْسَانِ الْکَامِلِ وَالْخَلِیْفَةِ الْعَادِلِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

انسان کامل اور خلیفہ عادل ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْوَاسِطَةِ الْاَعْظَمِ وَالرَّسُوْلِ الْاَفْخَمِ

محمد اور آل محمد پر جو محبوب عظیم واسطہ ہیں (اللہ تعالیٰ اور مخلوقات کے درمیان) اور عظیم الشان رسول ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الْفَیْضِ الْاِلٰھِیِّ وَالْمُمِدِّ الرَّبَّانِیِّ وَالرُّوْحِ الْقُدْسِیِّ وَالْمَسْتُوْرِ

جو محبوب سراپا فیض الٰہی ہیں اور رب تعالیٰ کی طرف سے مددگار اور مقدس روح اور رحمان جل وعلی کے پوشیدہ

الرَّحْمَانِیِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

نور ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدِ نِ مَجْمَعِ الْقَبْضَاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

پر جو محبوب کہ محل اجتماع ہیں اللہ تعالیٰ کی دونوں مٹھیوں میں موجود اشیاء کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ رَئِیْسِ اَھْلِ الْیَمِیْنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

آل محمد پر جو محبوب اہل یمین (جنتیوں) کے سردار ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَبْدَءِ الْفَیَّاضِ مِنْ حَضْرَتِهٖٓ اِلٰی

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب فیض رساں مبدء و سرچشمہ ہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے

اَهْلِ عِنَايَتِهٖ وَوَاهِبِ الْخُصُوْصِيَّاتِ لِاَهْلِ وِلَايَتِهٖ اَللّٰهُمَّ

اس کے اہل عنایت کی طرف اور بخشنے والے ہیں خصوصی عطیات اللہ تعالیٰ کے دوستوں کو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْكَثِيْبِ الَّذِيْ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب ایسے عظیم عنصر وجود (اور ٹیلے)

مِنْهُ وُجُوْدُ كُلِّ مَوْجُوْدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

ہیں کہ انہیں سے ہے وجود ہر موجود کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَابَ قَوْسَيِ الْاَسْمَآءِ وَمَجْمَعِ مَظَاهِرِ الذَّاتِ

آل محمد پر جو اسماء الٰہیہ کی دو قوسوں کے وتر ہیں اور مظاہر ذات کا محل اجتماع ہیں

وَالْاَسْمَآءِ وَالْعَمَآءِ وَالْكِبْرِيَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور اسماء الٰہیہ کا اور باریک سفید بادل لامکان والے کا اور شان کبریائی کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظْهَرِ الْكَنْزِيَّةِ وَمَظَاهِرِ الْاُلُوْهِيَّةِ

محمد پر اور آل محمد پر جو کنز مخفی کا مظہر ہیں اور محل ظہور ہیں تیری الوہیت

وَالرُّبُوْبِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

اور ربوبیت کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظَاهِرِ اللَّاهُوْتِ وَالْجَبَرُوْتِ وَالْمَلَكُوْتِ اَللّٰهُمَّ

محمد پر جو کہ مظہر ہیں عالم تجرد اور صفات جلال اور عالم روحانیت کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظَاهِرِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو کہ مظہر ہیں

الْهُوِيَّةِ وَالْاَحَدِيَّةِ وَالْوَاحِدِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تشخص خاص اور احدیت و واحدیت کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْاٰيَةِ الْكُبْرٰى اَلْوَاسِطَةِ الْعُظْمٰى

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب عظیم نشانی ہیں۔ عظیم واسطہ ہیں

فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

دنیا و آخرت میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَخْصُوْصِ بِالْمِعْرَاجِ الذَّاتِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آل محمد پر جو محبوب مخصوص ٹھہرائے گئے ہیں جسمانی معراج کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمَخْصُوْصِ بِالْمُشَافَهَةِ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو مخصوص ٹھہرائے گئے روبرو دیدار

وَالْمُكَالَمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور مکالمہ کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدِ نِ الْمَخْصُوْصِ بِالنِّيَابَةِ الْعُظْمٰى وَالْخِلَافَةِ الْكُبْرٰى اَللّٰهُمَّ

پر جو محبوب مخصوص کئے گئے ساتھ نیابت عظمیٰ اور خلافت کبریٰ کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْجَوْهَرِ السَّامِيْ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو بلند ہونے والا جوہر ہیں

اِلٰى كُلِّ حَضْرَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

طرف ہر بارگاہ کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدِ نِ دَآئِرَةِ الرَّحْمَةِ الْاِلٰهِيَّةِ وَالْهِدَايَةِ الْحَقِيْقِيَّةِ وَجَامِعِ السُّبُلِ

پر جو رحمت الٰہیہ کا دائرہ ہیں اور ہدایت حقیقیہ کا اور جامع ہیں تمام

الْجَمَالِيَّةِ وَالْجَلَالِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

جمالی اور جلالی طریقوں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ سَابِقِ الْخَلْقِ فِىْ مِضْمَارِ الْقُرْبَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل محمد پر جو سبقت لے جانے والے ہیں تمام مخلوق سے قرب خداوندی کے میدان میں۔ اے اللہ صلواۃ و

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ زِمَامِ طَاعَةِ الرَّبِّ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو رب تعالیٰ کی اطاعت کی باگ ڈور ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدَمِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب

الْعِنَایَۃِ وَالتَّوْفِیْقِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی

پیش خیمہ ہیں عنایت و توفیق باری تعالیٰ کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ یَمِیْنِ التَّشْرِیْعِ وَالتَّعْلِیْمِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

آل محمد پر جو دایاں بازو ہیں احکام شرعیہ اور علوم کی اشاعت کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَجْہِ الْوِلَایَۃِ وَ

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو آبرو ہیں ولایت اور

التَّعْرِیْفِ وَرُوْحِ التَّوْحِیْدِ وَالتَّفْرِیْدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

معرفت کی اور روح ہیں توحید و تفرید کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُطْبِ الْمُشَاھَدَۃِ وَالتَّفْھِیْمِ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب قطب ہیں مشاہدہ کے اور افہام و تفہیم کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَالَبِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب قالب و جسم ہیں

الْمَعَانِیْ وَالْمَعْنَوِیَّاتِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

معانی اور معنوی امور کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَیْنِ الْعِنَایَۃِ الْاِلٰھِیَّۃِ وَشَکْلِ التَّحْمِیْدِ

اور آل محمد پر جو محبوب مجسم عنایت الٰہیہ ہیں اور سراپا تحمید

وَالتَّمْجِیْدِ وَصُوْرَۃِ التَّکْبِیْرِ وَالتَّنْزِیْہِ اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا

و تمجید ہیں اور تکبیر و تنزیہہ کی صورت محسوسہ ہیں۔ اے اللہ تیرے لیے ہی حمد ہے جو حمد

یُّوَافِیْ نِعَمَکَ وَیُکَافِیْ مَزِیْدَ کَرَمِکَ اَحْمَدُکَ بِجَمِیْعِ مَحَامِدِکَ

مطابق ہو تیری نعمتوں کے اور برابر ہو تیرے مزید کرم کے۔ میں تیری حمد کرتا ہوں تمام محامد کے ساتھ

مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ وَعَلٰی جَمِیْعِ نِعَمِکَ مَا عَلِمْتُ مِنْھَا

جو مجھے معلوم ہیں اور جو معلوم نہیں اور تیری تمام نعمتوں پر جو مجھے معلوم ہیں ان میں سے

وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ عَرْشُہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ

اور جو مجھے معلوم نہیں۔ حمد ہے اللہ کے لیے جس کا عرش اعظم بلندیوں میں ہے، حمد ہے اللہ کے لیے جس کی

فِی الْاَرْضِ قُدْرَتُہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فِی الْقِیَامَۃِ ھَیْبَتُہٗ اَلْحَمْدُ

قدرت (کا ظہور) زمین میں ہے۔ حمد ہے اللہ کے لیے جس کی ہیبت (کا ظہور) قیامت میں ہے۔ حمد ہے

لِلّٰہِ الَّذِیْ فِی الْجَنَّۃِ رَحْمَتُہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فِیْ جَھَنَّمَ سُلْطَانُہٗ

اللہ کے لیے کہ جنت میں ہے رحمت اس کی۔ حمد ہے اللہ کی کہ جہنم میں (ظاہر ہے) غلبہ و تسلط اس کا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بُرْھَانُہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فِی الْھَوَآءِ

حمد ہے اللہ کی کہ بر و بحر میں ہے دلیل و برہان اس کی، حمد ہے اللہ کے لیے کہ ہوا میں ہے

وَجْھُہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ فِی الْقَبْرِ قَضَآءُہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا مَصِیْرَ

(پرتو اس کی لطافت) ذات کا۔ حمد ہے اللہ کی کہ قبر میں ہے قضاء اس کی۔ حمد ہے اللہ کی کہ نہیں جائے بازگشت

وَلَا مَلْجَاَ اِلَّآ اِلَیْہِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ

اور جائے پناہ مگر طرف اسی کے۔ حمد ہے اللہ کے لیے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ حمد ہے اللہ کی جس نے

اَنْعَمَ عَلَیْنَا وَھَدَانَآ اِلَی الْاِسْلَامِ وَجَنَّبَنَا عَنْ عِبَادَۃِ الْاَصْنَامِ

ہم پر انعام فرمایا اور ہمیں ہدایت دی اسلام کی طرف اور ہمیں بچایا بتوں کی پرستش سے

وَمَنَّ عَلَیْنَا بِنَبِیِّہٖ وَحَبِیْبِہٖ وَرَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ

اور ہم پر احسان فرمایا ساتھ اپنے نبی و حبیب اور رسول محمد علیہ الصلواۃ والسلام کے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَی الْاِیْمَانِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَی التَّوْفِیْقِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

حمد ہے اللہ کی ایمان (دینے) پر۔ حمد ہے اللہ کی اس کی توفیق پر۔ حمد ہے اللہ کی

عَلَی التَّصْدِیْقِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ

اس کی (توفیق) تصدیق پر۔ حمد ہے اللہ کی ہر حال پر۔ حمد ہے اللہ کی کہ جس نے

هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

ہمیں ہدایت دی اس کی اور نہیں بذاتِ خود اہل تھے ہدایت پانے کے اگر ہمیں اللہ تعالیٰ ہدایت نہ دیتا۔ حمد ہے اللہ تعالیٰ

الَّذِيْ جَعَلَنَا مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَللّٰهُمَّ

کی جس نے ہمیں بنایا محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اُمت سے۔ اے اللہ

لَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰى خَلْقِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ

تیرے لیے ہی حمد ہے تیری آزمائش پر اور اپنی مخلوق کے ساتھ اچھے سلوک پر اور تیرے لیے ہی حمد ہے تیری

بَلَآئِكَ وَصَنِيْعِكَ اِلٰٓى اَهْلِ بُيُوْتِنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فِيْ بَلَآئِكَ

آزمائش پر اور اچھے سلوک پر ہمارے اہل وعیال پر اور تیرے لیے ہی حمد ہے تیری آزمائش پر

وَصَنِيْعِكَ اِلٰٓى اَنْفُسِنَا خَآصَّةً وَّلَكَ الْحَمْدُ بِمَا هَدَيْتَنَا وَلَكَ

اور اچھے سلوک پر ہماری ذاتوں کے ساتھ بالخصوص۔ اور تیرے لیے ہی حمد ہے ہدایت دینے پر ہمیں اور تیرے لیے ہی حمد ہے

الْحَمْدُ بِمَآ اَكْرَمْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِمَا سَتَرْتَنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْاَهْلِ

کرامت و بزرگی عطا کرنے پر ہمیں اور تیرے لیے ہی حمد ہے پردہ دینے پر اُو پر ہمارے اور تیرے لیے ہی حمد ہے

وَالْمَالِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْمُعَافَاتِ وَلَكَ الْحَمْدُ بِالْقُرْاٰنِ وَلَكَ

اہل اور مال کی وجہ سے اور تیرے لیے ہی حمد ہے معافی دینے پر اور تیرے لیے ہی حمد ہے بسبب قرآن عطا کرنے کے

الْحَمْدُ حَتّٰى تَرْضٰى وَلَكَ الْحَمْدُ اِذَا رَضِيْتَ بِاَهْلِ التَّقْوٰى وَاَهْلِ

اور تیرے لیے ہی حمد ہے حتیٰ کہ تو راضی ہو اور تیرے لیے ہی حمد ہے جب تو راضی ہو ساتھ اصل تقویٰ اور اہل

الْمَغْفِرَةِ وَلَكَ الْحَمْدُ كُلُّهٗ وَلَكَ الْحَمْدُ مِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْاَ الْاَرْضِ

مغفرت کے اور تیرے لیے حمد ہے تمام تر، اور تیرے لیے حمد ہے بمقدار آسمانوں کے اور بمقدار زمین کے

وَمِلْاَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْاَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ اَهْلَ الثَّنَآءِ وَالْكِبْرِيَآءِ

اور بمقدار اس کے جو ان کے درمیان ہے۔ اور بمقدار اس کے جو تو چاہے بعد ان کے تو لائق ثناء ہے اور لائق کبریائی ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بِجَمِيْعِ الْمَحَامِدِ كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ عَلٰى جَمِيْعِ

حمد ہے اللہ کے لیے تمام طرح کی حمد کے ساتھ جو مجھے معلوم ہیں اور جو مجھے معلوم نہیں، اس کی تمام تر

نِعَمِهٖ كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ عَدَدَ الْخَلَآئِقِ كُلِّهِمْ مِّمَا

نعمتوں پر جو ان میں سے میرے علم میں ہیں اور جو میرے علم میں نہیں ہیں مطابق تعداد تمام تر مخلوق کے جو

عَلِمْتُ مِنْهُمْ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا عَلَيْهِ كَمَا يُحِبُّ

مجھے معلوم ہے اور جو معلوم نہیں ایسی حمد جو کثیر، پاکیزہ اور مبارک ہو جیسے کہ محبوب رکھتا ہے اور

رَبُّنَا وَيَرْضٰى لَكَ الْحَمْدُ يَا رَبَّنَا كَمَا يَنْبَغِيْ لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَلِعَظِيْمِ

پسند فرماتا ہے رب ہمارا۔ تیرے لیے حمد ہے جیسے کہ لائق ہے تیرے جلال ذات اور عظیم غلبہ

سُلْطَانِكَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بِحَمْدِهٖ عَلٰى حَمْدِهٖ وَبِذَاتِهٖ لِذَاتِهٖ وَبِصِفَاتِهٖ

و تسلط کے حمد ہے اللہ کیلئے بطفیل اس کی حمد کے اس کی حمد پر اور بطفیل اس کی ذات کے اس کی ذات کے لیے اور ساتھ اس کی صفات

عَلٰى صِفَاتِهٖ وَبِفَضْلِهٖ عَلٰى فَضْلِهٖ عَدَدَ حَمْدِهٖ وَعَدَدَ الْحَامِدِيْنَ

کے اس کی صفات پر اور ساتھ اس کے فضل کے اس کے فضل پر مطابق تعداد اس کی حمد کے اور تعداد حامدین کے

وَعَدَدَ غَيْرِ الْحَامِدِيْنَ وَمِلْاَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ وَمَا فِيْهَا وَ

مطابق تعداد حمد نہ کرنے والوں کے اور بمقدار آسمانوں اور زمینوں اور ان کے درمیان کے اور

مِلْاَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ وَمَا فِيْهَا وَعَدَدَ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِيِّ وَمَا فِيْهَا

مطابق لوح محفوظ اور قلم اعلیٰ کے اور جو ان میں ہے اور مطابق عرش و کرسی کے اور جو ان میں ہے

وَمِلْاَ الْجِنَانِ وَمِلْاَ جَمِيْعِ الْجَوِّ وَالْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَالْوَرٰى وَعَدَدَ

اور مطابق جنتوں کے اور تمام جو و فضا اور ملاء اعلیٰ اور مخلوقات کے مطابق اور مطابق اس کے

مَا فِيْ عِلْمِهٖ وَعَدَدَ مَا فِيْهِنَّ وَعَدَدَ مَا يُعَدُّ وَيُكَالُ وَيُوْزَنُ

جو اس کے علم میں ہے اور مطابق اس کے جو مخلوقات میں ہے اور مطابق اس کے جو گنا اور ناپا اور وزن کیا جا

بِالْمَثَاقِيْلِ وَالْمَكَآئِيْلِ وَعَدَدَ كُلِّ ذَرَّةٍ اَلْفَ اَلْفَ اَلْفَ كَرَّةٍ

سکے ساتھ مثقالوں اور پیمانوں کے اور مطابق ہر ہر ذرہ کے اربوں گنا

فِيْ كُلِّ اٰنٍ وَّشَاْنٍ وَّلَمْحَةٍ وَّطَرْفَةٍ وَّدَهْرٍ وَّسَنَةٍ وَّشَهْرٍ وَّجُمُعَةٍ

ہر آن اور شان و حال اور ہر لمحہ اور پلک جھپکنے کی دیر میں اور ہر زمانہ اور ہر سال و ماہ اور ہر ہفتہ میں

وَّدَوْرٍ وَّسَاعَةٍ وَّدَقِيْقَةٍ وَّثَانِيَةٍ وَّعَدَدَ ذٰلِكَ اَلْفَ اَلْفِ اَلْافٍ

اور افلاک کی ہر گردش میں اور ہر گھنٹہ ۔ ہر منٹ اور سیکنڈ میں اور مطابق اس کے اربوں کھربوں گنت

اَلْافِ كَرَّةٍ اَضْعَافِ اَضْعَافِ ذٰلِكَ حَمْدًا يَّلِيْقُ

اور اس مقدار کے بھی اضعاف در اضعاف ایسی حمد جو لائق ہو

لِذَاتِهٖ وَصِفَاتِهٖ بِتَقْرِيْرِ عِبَادِهٖ بِحَمْدِهٖ مِنْهُ وَاِلَيْهِ عَزَّوَجَلَّ

اس کے ذات اور صفات کے ساتھ برقرار رکھنے اس کے اپنے بندوں کو اپنی حمد پر اپنی طرف سے اور اپنی طرف

بِعِزَّةِ حَمْدِهٖ يَحْمَدُهُ الْحَامِدُوْنَ وَيَمْدَحُهُ الْمَادِحُوْنَ بِلَا اِنْتِهَآءٍ

وہ عزیز و جلیل ہے اپنی حمد کی عزت سے، اسی کی حمد کرتے ہیں حامدین اور اسی کی مدح کرتے ہیں مادحین بغیر انتہاء کے

وَلَا اَمَدَ لَهٗ وَلَا اِنْقِضَآءَ اِلٰى اَبَدِ الْاٰبِدِ وَحَمْدًا دَآئِمًا بِدَوَامِكَ

اور حد و نہایت کے اور نہیں اختتام اس کے لیے ابد الآباد تک اور ایسی حمد جو دائم ہے تیرے دوام کے ساتھ

وَبَاقِيًا بِبَقَآئِكَ وَحَمْدًا لَّآ اَمَدَ لَهٗ دُوْنَ مَشِيْئَتِكَ وَحَمْدًا لَّا

اور باقی رہے تیری بقاء کے ساتھ اور ایسی حمد کہ نہیں انتہاء اور غایت اس کی بغیر تیری مشیت کے اور ایسی حمد کرنہ

يَحْمَدُهٗٓ اَحَدٌ وَّلَا يَحْمَدُ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْتَ مِنْكَ لَكَ وَعَدَدَ نَعْمَآئِكَ

کرے کوئی شخص اس طرح کی حمد اور نہ حمد کیا جائے ساتھ ایسی حمد کے مگر صرف تو، جو تجھی سے ہو، تیرے ہی لیے ہو اور مطابق ہو

عَلٰى خَلْقِكَ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تیری نعمتوں کے اپنی مخلوق پر دنیا اور آخرت میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ هُيُوْلَى التَّخْلِيْقِ وَالتَّقْطِيْرِ وَمَادَّةِ الْاِبْدَاعِ

محمد پر اور آل محمد پر جو مادۂ اوّلین ہیں تخلیق اور بسط خلائق کا اور مادہ اور جوہر اصلی ہیں

وَالتَّكْوِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ایجاد اور تکوین کا ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

مُحَمَّدِنِ الْاَعَزِّ الْاَبْهٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

پر جو محبوب عزیز تر اور بہت بارونق ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْاَبْلَجِ الَّذِىْ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهٖ اَللّٰهُمَّ

آل محمد پر جو چمکیلی رنگت والے ہیں جن کی وجاہت و آبرو کے طفیل بارش طلب کی جاتی ہے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْاَلِفِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب ایسے الف ہیں

الْجَامِعِ الْمُجَامِعِ وَظَاهِرِ الْخَلْقِ وَبَاطِنِ الْحَقِّ وَكَافِ الْمُحِيْطِ

جو سب کے ساتھ مجتمع اور متفق ہے اور جو ظاہر کے لحاظ سے مخلوق ہیں اور باطن کے لحاظ سے عین حق ہیں اور کاف (کن)

بِكُلِّ مَوْجُوْدٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

ہیں جو ہر موجود کو محیط ہے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُقَلَّدِ بِاَنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ

محمد پر جو محبوب سہرا پہنائے گئے ہیں ساتھ اس قول کے " بیشک جو بیعت کرتے ہیں آپ کے ساتھ وہ صرف اللہ تعالیٰ کے ساتھ

اللّٰهَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

بیعت کرتے ہیں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الْمُنْطِقِ بِمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جس محبوب سے یہ کہلوایا گیا " نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سراپا رحمت واسطے تمام جہانوں کے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُبَشَّرِ بِمَآ اَرْسَلْنٰكَ

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جنہیں بشارت دی گئی ہے کہ " نہیں بھیجا ہم نے آپ کو

اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

مگر سب انسانوں کے لیے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُزَّمِّلِ بِقُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ

آل محمد پر جو اوڑھے ہوئے ہیں یہ کہ " فرما دیجیے اے لوگو بیشک میں رسول ہوں اللہ کی طرف

اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

سے تم سب کی طرف ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُتَرَدِّيْ بِرِدَآءٍ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى

محمدؐ پر جو اوڑھے ہوئے ہیں یہ چادر" اور البتہ ضرور عطا کرے گا تمہیں تمہارا رب پس تم راضی ہو جاؤ گے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُتَطِيْلِسِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو سر نماز پر یہ طیلسان رکھے

بِلَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ہوئے ہیں" مجھے تیری زندگانی کی قسم بیشک وہ لوگ اپنی مدہوشی میں بھٹک رہے ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَوَّلِ خَلِيْفَةٍ لَهٗ فِي الْعَالَمِ الْعَنَاصِرِ

سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب خلیفۂ اوّل ہیں عالم عناصر میں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ رُوْحِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب روح ہیں

الطَّرِيْقَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

دونوں طریق کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل

مُحَمَّدِنِ حَقِيْقَةِ الْحَقَآئِقِ وَاِنْسَانِ عَيْنِ الْخَلَآئِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

محمدؐ پر جو محبوب تمام حقائق کی حقیقت ہیں اور چشم خلائق کی پتلی ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ قُرَّةِ عَيْنِ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ

نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں تیرے نیک بندوں کیلئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ نُوْرِ السَّمٰوٰتِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب نور ہیں آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور زمینوں کے اور جو ان کے درمیان ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِنِ سِرِّ اَسْرَارِ الْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ وَمَا حَوَاهُمَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

پر جو راز مخفی ہیں اسرار ملک و ملکوت سے اور جو انہیں محیط ہے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَنْعُوْتِ بِالْحَقِّ وَ

سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو موصوف ہیں ساتھ حق کے اور

الْمُصْطَفٰى مِنَ الْخَلْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

چنے ہوئے ہیں ساری مخلوق سے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَظْهَرِ جُمْلَةِ الْاَسْمَآءِ وَمِرْاٰةِ وَجْهِ الْمُسَمّٰى

آل محمدؐ پر جو مظہر ہیں تمام اسماء الٰہیہ کے اور آئینہ ہیں مسمّٰی کی ذات کا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَامِلِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب اٹھانے

لِوَآءِ الْاَمَانَةِ وَالْمَوْصُوْفِ بِالصِّدْقِ وَالصِّيَانَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

والے ہیں پرچم امانت کا اور موصوف ہیں ساتھ صداقت اور پاکدامنی کے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْقَآئِمِ بِحَمْدِكَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب برپا رکھنے والے ہیں تیری حمد

اَبَدًا وَالْمَحْمُوْدِ بِمَدْحِكَ سَرْمَدًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

کو ہمیشہ کے لیے اور حمد کئے ہوئے ہیں ساتھ تیری مدح کے ہمیشہ کے لیے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَنْمُوْذَجِ الْحَقَآئِقِ الْعِلْمِيَّةِ

سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب انوکھا نمونہ ہیں علمی حقائق کا

وَمَجْلَى التَّعَيُّنَاتِ الشُّهُوْدِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور جلوہ گاہ ہیں ثبوت و وجود کے تعینات کی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُحْتَوَى الْهَيُوْلَاتِ الْاِمْكَانِيَّةِ

محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جو محبوب محیط ہیں عالم امکان کے اصول اور مواد کو

وَرُوْحِ اَرْوَاحِ الْاَكْوَانِيَّةِ وَجَوْهَرِ الطَّبِيْعِيَّةِ الْكُلِّيَّةِ الْعُنْصُرِيَّةِ

اور روح ہیں ارواح اکوان و خلائق کی اور طبیعت کلیہ عنصریہ کا جوہر ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظْھَرِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو لاہوت غیبی کا

اللَّاھُوْتِ الْغَیْبِیِّ وَسِرِّ النَّاسُوْتِ الْعَیْنِیِّ وَالْقَآئِمِ بِجَمِیْعِ الْاٰلَآءِ

مظہر ہیں اور راز مخفی ہیں عالم اجسام و محسوس کا اور قائم ہیں ساتھ تمامتر نعمتوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّقْطَةِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب مرکزی نقطہ

بَیْکَارِ دَآئِرَةِ الْاَکْوَانِ وَمَجْلٰی حَقَآئِقِ وَرَقَآئِقِ الزَّمَانِ اَللّٰھُمَّ

ہیں مخلوقات کے دائرہ کی پرکار کا اور جلوہ گاہ ہیں زمانہ کے حقائق اور باریکیوں کی۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُتَخَلِّقِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب خلق وخصلت

وَالْمُتَحَقِّقِ بِجَمِیْعِ کَلِمَاتِ الْقُرْاٰنِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور صفت وکیفیت راسخہ بنائے ہوئے ہیں تمام کلمات قرآن کو۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُخَاطَبِ بِجَمِیْعِ مَعَانِی الْعِرْفَانِ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب مخاطب ہیں عرفان کے تمام معانی کے ساتھ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

الْعَلِیْمِ بِحَقِیْقَةِ مَا کَانَ وَمَا یَکُوْنُ مِنَ الْاَکْوَانِ عَلٰی مُمَرِّ

جو محبوب جاننے والے ہیں حقیقت ہر شئی کی مخلوقات میں سے خواہ موجود ہو چکی یا موجود ہوں گی

الدُّھُوْرِ وَالْاَزْمَانِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

باوجود گزرنے دہور زمانوں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَعْصِمُنِیْ مِنْ شَرِّ الْفِتَنِ وَالْاَوْزَارِ وَ

آل محمد پر جو صلواۃ بچائے مجھے فتنوں اور گناہوں اور بغض و کینہ کے شر سے

الْاِحَنِ وَالْمَخْصُوْصِ بِشَفَاعَةِ فَصْلِ الْقَضَآءِ لِلْاِنْسِ وَالْجَآنِّ

وہ محبوب جو مختص ہیں ساتھ شفاعت عظمیٰ کے اللہ تعالیٰ کے فیصلہ اور قضاء کے وقت واسطے انسانوں اور

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جنوں کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

مُمِدِّ الْاَرْوَاحِ وَمُفِیْضِ النُّوْرِ عَلَی الْاَشْبَاحِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو امداد کرنے والے ہیں ارواح کی اور فیض پہنچانے والے ہیں نور کا اشباح واجسام پر۔ اے اللہ صلواۃ وسلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ ھَادِی الْمُضِلِّیْنَ اِلٰی

نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب ہادی ہیں گمراہوں کیلئے طرف

طُرُقِ الْفَلَاحِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

فلاح وکامیابی کے راستوں کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ حَاوِیْ حَضْرَةِ اَبِی الْاَرْوَاحِ وَحَامِیْ جَوْمَةِ اُمِّ

محمد پر جو محبوب محیط ہیں ارواح کے اصل اور مبدء کی بارگاہ کو اور حامی ہیں اشباح واجسام

الْاَشْبَاحِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

کے عظیم اصل جوہر کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّثَلُ نُوْرِهٖ کَمِشْکٰوةٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ

محمد پر کہ جن کے نور کی کیفیت مانند اس طاق (کے نور) کے ہے جس میں چراغ ہو۔ چراغ

اپنی معرفت کے انوار کے نور عظیم سے جیسے منوّر کیا تو نے ہمیں

بِاَنْوَارِ تَوْحِیْدِكَ وَعَرَّفْتَنَا بِتَمْجِیْدِكَ وَ

ساتھ اپنے انوار توحید کے اور معرفت بخشی اپنی بزرگی بیان کرنے کی اور

رَبَّیْتَنَا وَعَلَّمْتَنَا بِحُضُوْرِ رُبُوْبِیَّةِ

ہمیں تربیت دی اور تعلیم دی اور تعلیم دی علم لدنی والوں

اَرْبَابِ عِلْمِ اللَّدُنِّیَّةِ لِوَحْدَانِیَّتِكَ

کی تربیت کے حضور و حصول کے ذریعے بطفیل اپنی وحدانیت کے،

یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ ○

اے واحد۔ اے احد۔

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ

فرما دیجئے وہ اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے۔ اس نے نہیں جنا کسی کو اور نہ

یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

وہ جنا گیا۔ اور نہیں اس کا کوئی ہمسر اور مثیل۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ ہی کے نام سے شروع جو بہت رحم فرمانے والا، مہربان ہے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ بِشَفَاعَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِشَهَادَةِ

اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی شفاعت کے اور بطفیل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِاَذْكٰى بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی شہادت کے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے جو بہت

وَبِاَزْكٰى بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَبِاَنْمٰى بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

روشن ہے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے جو بہت پاکیزہ ہے اور بطفیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے جو بہت

الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ ○ مٰلِكِ يَوْمِ

پھلنے پھولنے والی ہے تمام حمدیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے، غایت رحمت والا، مہربان ہے۔ یوم جزاء کا

الدِّيْنِ ۭ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○

مالک ہے۔ اے ان صفات کمال والے ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے ہر طرح کی قدرت وطاقت طلب کرتے ہیں ہمیں راہ راست

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

پر چلا، راہ ان لوگوں کی جن پر تو نے انعام فرمایا نہ ان کی جن پر غضب کیا گیا اور نہ ہی راہ سے بھٹکے ہوؤں کی (آمین)

وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ○

اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے قریب ہے کہ قائم کرے تمہیں تمہارا رب مقام محمود پر۔

اَللّٰهُمَّ احْشُرْنَا تَحْتَ لِوَآءِ الْحَمْدِ مَعَ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ

اے اللہ ہمیں جمع فرمانا لوائے حمد کے نیچے مقام محمود کے مالک کے ساتھ بطفیل انہیں کی

بِشَفَاعَتِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ قَالَ

شفاعت کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر جنہوں نے فرمایا

لِوَآءُ الْاَنْبِيَآءِ تَحْتَ لِوَآئِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ تَمَامِ اُمَّتِهٖ

کہ انبیاء علیہم السلام کے پرچم میرے پرچم کے نیچے ہوں گے صلوٰۃ ورحمت نازل فرمائے اللہ ان پر اور سلام بمع ان کی تمام

وَخَلْقِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اُمت کے اور مخلوق خداوند تعالیٰ کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَمِیْعُ الْخَلَآئِقِ تَحْتَ لِوَآئِهٖ بِحَمْدِهٖ وَبِحُرْمَتِهٖ

پر کہ تمام خلائق ان کے پرچم کے نیچے ہوں گے بطفیل ان کی حمد اور حرمت و عزت کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ اُدْرِجَ الرُّسُلُ تَحْتَ لِوَآئِهٖ

اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر کہ داخل کئے جائیں گے رسل کرام ان کے لوائے حمد کے نیچے

وَنَالُوْا شَرَفَ كَمَالِهٖ وَلِوَآئِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

اور پائیں گے ان کے کمال سے اور لوائے حمد سے شرف و فضل۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الَّذِیْ يَسْتَظِلُّ تَحْتَ لِوَآئِهٖ كُلُّ حَامِدٍ لِجَلْبِ الْمَحْمُوْدِ

کہ سایہ حاصل کرے گا ان کے لوائے حمد کے نیچے ہر حمد کرنے والا بسبب اس محمود کی کشش کے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ سَرٰى وَلَوَامِعُ اَنْوَارِهٖ

اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو محبوب شب اسراء چلے درآنحالیکہ ان کے انوار کی ضیائیں

تَشْرُقُ وَلِوَآءُ عِزِّهٖ بِالْاُفُقِ يَخْفِقُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

نور فشاں تھیں اور ان کی عزت و عظمت کا پرچم اُفق پر لہراتا تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ قَفَلَ مِنْ مَّسْرَاهُ مَحْفُوْفًا بِالسَّعَادَةِ وَلِوَآءُ الْحَمْدِ

محمدؐ پر جو سیر معراج سے لوٹے درآنحالیکہ ہر طرف سے گھرے ہوئے تھے سعادت سے اور ان کا امتیازی منصب لوائے الحمد

مَنْصَبُهٗ مَنْصُوْبًا عَلٰى قُبَّةِ السِّيَادَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

گڑا ہوا تھا سیادت کے قبہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ لِوَآءُهٗ فِی الْحَشْرِ يَخْفِقُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

محمدؐ پر جن کا پرچم میدان حشر میں لہراتا ہو گا۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ صَلٰوةً عَبْدٌ يَّسْتَدِلُّ بِهَا عَلٰى لِقَآئِهٖ وَيَسْتَظِلُّ بِهَا تَحْتَ

محمدؐ پر صلوٰۃ ایسے عبد کی جو رہنمائی حاصل کرے بسبب اس کے ان کے دیدار پر اور سایہ حاصل کرے بطفیل اس کے

لِوَآئِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

ان کے پرچم کے نیچے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر کہ

الَّذِیْ يَبْعَثُهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَى الْمَقَامِ الْاَجَلِّ الْاَعْلٰى اَللّٰهُمَّ

جس محبوب کو اُٹھائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اجل و اعلیٰ مقام کی طرف۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ نُصِبَتْ عَلٰى

صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر کہ جس محبوب کے سر ناز پر

رَاْسِهٖ اَلْوِيَةُ الْمَجْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ

تو نے نصب فرمائے بزرگی کے پرچم۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

الَّذِیْ تَوَّجَ اللّٰهُ لَهٗ بِتَاجِ الْحَمْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

آل محمدؐ پر جس محبوب کو اللہ تعالیٰ نے حمد کا تاج پہنایا۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَوَارُهٗ مَنِيْعٌ وَّمَقَامُهٗ

سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جس محبوب کی پناہ ناقابل شکست و رخیت ہے اور جن کا مرتبہ

رَفِيْعٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ

مقام بلند تر ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جنہوں نے

قَالَ حِيْنَ قِيْلَ لَهٗ مَا الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ قَالَ ذٰلِكَ يَوْمٌ يَّنْزِلُ

فرمایا جبکہ ان سے دریافت کیا گیا کہ مقام محمود کیا ہے تو آپ نے فرمایا وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ

اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى كُرْسِيِّهٖ فَيَاطُّ كَمَا يَاطُّ الرَّحْلُ الْجَدِيْدُ مِنْ

نزول جلال فرمائے گا اپنی کرسی پر (جیسے جو اس کی شان کے لائق ہے) پس اس کی آواز نکلے گی جیسے کہ نئے پالان سے

تَضَايُقِهٖ وَهُوَ كَسَعَةٍ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَيُجَاءُ بِكُمْ

نکلتی ہے اس کی تنگی کی وجہ سے اور وہ کرسی وسیع ہوگی مانند اس وسعت کے جو آسمان و زمین کے درمیان ہے اور تمہیں لایا جائے گا۔

حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا فَيَكُوْنُ اَوَّلُ مَنْ يُّكْسٰى اِبْرَاهِيْمَ يَقُوْلُ

ننگے پاؤں۔ برہنہ بدن بغیر ختنہ کے تو ہوں گے سب سے پوشاک پہنائے جانے والے حضرت ابراہیم علیہ السلام،

اللّٰہُ تَعَالٰی اُکْسُوْا خَلِیْلِیْ فَیُؤْتٰی بِرِیْطَتَیْنِ بَیْضَاوَیْنِ مِنْ رِّیَاطِ

اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے خلیل کو لباس پہناؤ تو دیئے جائیں گے دو سفید چادریں جنتی چادروں

الْجَنَّةِ ثُمَّ اُکْسٰی عَلٰی اَثَرِہٖ ثُمَّ اَقُوْمُ عَنْ یَّمِیْنِ اللّٰہِ مَقَامًا یَّغْبِطُنِیْ

سے پھر مجھے لباس پہنایا جائے گا ان کے بعد پھر میں کھڑا ہوں گا عرش مجید کی دائیں جانب ایسے مقام میں کہ

فِیْہِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَغَیْرِھِمَا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

رشک کریں گے میرے ساتھ تمام اولین وآخرین جنوں اور انسانوں اور دیگر مخلوق سے۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَامِلِ لِوَآءِ الْعِزِّ وَالْوَقَارِ وَمَالِكِ

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب اٹھانے والے ہیں عزت ووقار کا پرچم اور مالک ہیں

اَزِمَّةِ الْمَجْدِ وَالْفَخَارِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ مَظْھَرِ

بزرگی اور قابل فخر اوصاف کی لگاموں کے۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو شہود حق کے مظہر و

الشُّھُوْدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ اَللّٰھُمَّ

آئینہ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو مقام محمود والے ہیں۔ اے اللہ

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْاَعْلٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر جو اعلیٰ مرتبہ و مقام والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

سیدنا محمد پر جو قاب قوسین او ادنیٰ کے قرب والے ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما

مَحْبُوْبِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ حِیْنَ یَسْجُدُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ

ہمارے محبوب محمد پر مقام محمود میں جبکہ سجدہ کریں گے انوکھی ایجاد والے آسمان

وَاجْعَلْ شَفَاعَتَہٗ مَقْبُوْلَةً بِاِذْنِ اللّٰہِ کُلَّمَا سَجَدَ لِلّٰہِ لِشَفَاعَةِ

اور ان کی شفاعت کو مقبول بنانا اپنے اذن سے جب بھی سجدہ ریز ہوں خلق خدا کی

خَلْقِ اللّٰہِ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِرْفَعْ رَاْسَكَ سَلْ تُسْمَعْ وَتُعْطٰی وَ

شفاعت کے لیے۔ فرمائے گا اللہ تعالےٰ اے محمد اپنا سر اٹھا لیجئے جو کہو سنا جائے گا، مانگو دے جاؤ گے اور

تُشَفَّعُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِكَ وَاَشْرَفِ بَرِیَّتِكَ وَ

شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما اپنی مخلوق سے بہترین اور خلقت سے بزرگتر اور تمام

اَفْضَلِ مَصْنُوْعَاتِكَ وَرَسُوْلِكَ الْاَکْمَلِ وَحَبِیْبِكَ الْاَجْمَلِ

مصنوعات سے افضل ہستی پر اور کامل ترین رسول اور جمیل ترین حبیب اور افضل ترین

وَخَلِیْلِكَ الْاَفْضَلِ مُحَمَّدِنِ الْحَامِدِ الْمَحْمُوْدِ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ

خلیل محمد پر جو حامد و محمود ہیں اور مقام محمود والے ہیں

الَّذِیْ خَصَّصْتَہٗ بِمَحَبَّتِكَ الْخَاصَّةِ وَعِنَایَتِكَ الْعَامَّةِ وَفَضْلِكَ

جن کو تو نے مخصوص ٹھہرایا اپنی خاص محبت اور محیط و کامل عنایت اور کامل وا کمل فضل

التَّامَّةِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ نُصِبَ عَلٰی رَاْسِہٖ لِوَآءُ

کے ساتھ۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس محبوب کے سر ناز پر نصب کیا گیا لوائے حمد

الْحَمْدِ لِمَغْفِرَةِ الْخَلْقِ مِنْ غَضَبِ الْحَقِّ الْمُخَلِّقِ اِلٰی مَغْفِرَةِ

مخلوق کی مغفرت کے لیے حق تعالیٰ کے غضب سے خلق کے بچاؤ کے لیے طرف حق تعالیٰ کی مغفرت

الْحَقِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

کے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الَّذِیْ اِکْتَحَلَتْ بَصِیْرَتُہٗ بِنُوْرِ الْحَقِّ وَنُصِبَ عَلٰی رَاْسِہٖ لِوَآءُ

کہ سرمگیں ہوئی ان کی چشم قلب نور حق کے ساتھ اور لہرایا گیا ان کے سر ناز پر لوائے حمد

الْحَمْدِ لِلْخَلْقِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تُوِّجَ بِتَاجِ

مخلوق کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر جس محبوب کو وقار کا تاج پہنایا

الْوَقَارِ وَاَصْبَحَ نَادِیْہِ بِفَضْلِہٖ وَیُقْصَدُ وَیُزَارُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

گیا اور ان کی محفل و مجلس اللہ کے فضل سے مشرف ہوگئی اور ان کی زیارت کا قصد کیا جاتا ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَا یَزَالُ بِیَدِہٖ لِوَآءُ

ورحمت نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر کہ ہمیشہ رہے گا اس محبوب کے ہاتھ میں لوائے حمد

الْحَمْدِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى مِنْ اُمَّتِهٖ فِى الْمَوْقِفِ اَحَدٌ مَعَ شَفَاعَتِهٖ لِجَمِيْعِ

حتی کہ نہ باقی رہے گا ان کی اُمّت سے کوئی فرد میدان محشر میں بیع ان کی شفاعت کے واسطے

خَلْقِ اللّٰهِ مِنْ اُمَّةِ كُلِّ رُسُلِ اللّٰهِ وَاَنْبِيَآءِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اللہ کی تمام مخلوق کے اللہ کے تمام مرسلین اور انبیاء کی اُمّتوں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ يَتَحَلّٰى بِحُلَّةِ الْكَمَالِ يَوْمَ يَتَجَلَّى الْجَلِيْلُ

سیدنا محمّد پر اور آل محمّد پر جو مزین ہوں گے ساتھ خلعت کمال کے جس دن جلوہ فرما ہوگا رب جلیل

بِصِفَةِ الْجَلَالِ وَالْكَمَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

ساتھ صفت جلال و کمال کے۔ اے اللہ صلوٰۃ ورحمت نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آل محمّد

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ زَيَّنَهُ اللّٰهُ بِتَاجِ الْوَقَارِ وَالْاِيْمَانِ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ لِسَيِّدِنَا

پر جنہیں اللہ تعالیٰ نے مزین فرمایا وقار و ایمان کے تاج کے ساتھ۔ اے اللہ عطا فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا سَاَلَكَ لِنَفْسِهٖ وَاَعْطِ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ

محمّد کو افضل ترین اس سے جو طلب کیا انہوں نے اپنی ذات کے لیے اور عطا فرما سیدنا محمّد کو افضل ترین

مَا سَاَلَكَ لَهٗٓ اَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ وَاَعْطِ لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَآ

اس سے جو طلب کیا تجھ سے کسی بھی شخص نے تیری مخلوق سے اور عطا فرما سیدنا محمّد کو افضل ترین اس سے

اَنْتَ مَسْئُوْلٌ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَ

جس کا تجھ سے سوال کیا جائے گا قیامت تک اور عطا فرما انہیں مقام وسیلہ و فضیلت اور

الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ

مقام محمود جس کا تو نے انہیں وعدہ فرمایا اور جزاء دے انہیں ہماری طرف سے جس کے وہ مستحق ہیں اور جزاء دے انہیں

اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ نَبِيًّا عَنْ قَوْمِهٖ وَرَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ

افضل ترین اس سے جو جزاء دی تو نے کسی نبی کو ان کی قوم اور رسول کو ان کی اُمّت کی طرف سے۔ اے اللہ انہیں قائم فرما

الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَعَلٰى جَمِيْعِ

مقام محمود میں جس کا تو نے انہیں وعدہ فرمایا اور جزاء دے انہیں ہماری طرف سے جس کے وہ حقدار ہیں اور ان کے تمام

اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ

بھائیوں یعنی انبیاء پر اور صدیقین اور شہداء و صالحین پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ وَقَفَ جِبْرِيْلُ بِبَابِهٖ وَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر کہ جس محبوب کے دراقدس پر جبریل امین کھڑے ہوئے (بطور دربان)

كَانَ جَمِيْعُ الْخَلَآئِقِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَحْتَ لِوَآئِهٖ بِحُرْمَتِهٖ اَللّٰهُمَّ

اور ہوگی تمام مخلوقات قیامت کے دن ان کے پرچم کے نیچے بسبب ان کی عزت وحرمت کے۔ اے اللہ

تَقَبَّلْ سُؤْلَهٗ وَبَلِّغْهُ مَا مُوْلَهٗ وَاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ

ان کا سوال قبول فرما اور انہیں ان کی آرزوؤں تک پہنچا اور انہیں دے وسیلہ وفضیلت اور بلند و بالا

الْعَالِيَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

درجہ اور انہیں قائم فرما مقام محمود میں جس کا تو نے انہیں وعدہ دیا ہے بیشک تو وعدہ کا خلاف نہیں

الْمِيْعَادَ ط اَللّٰهُمَّ اَعْطِ لَنَا مَا كُنْتَ بِهٖ شَفِيْعًا بِشَفَاعَةِ الْكُبْرٰى بِحُرْمَةِ

کرتا۔ اے اللہ ہمیں عطا فرما جس کی بدولت میں ہو جاؤں شفاعت کیا ہوا ساتھ شفاعت کبریٰ کے بطفیل

شَفَاعَةِ شَفِيْعِ الْوَرٰى اَللّٰهُمَّ ابْعَثْ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدَكَ وَحَبِيْبَكَ

شفیع الوریٰ کی شفاعت کے۔ اے اللہ قائم فرما ہمارے آقا محمّد کو جو تیرے عبد خاص اور حبیب

وَرَسُوْلَكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

ورسول ہیں مقام محمود میں جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آل محمّد پر کہ وہ محبوب

كَانَ اِذَا سَكَتَ يَتَكَلَّمُوْنَ وَلَا يَتَنَازَعُوْنَ عِنْدَهٗ بِالْحَدِيْثِ وَمَنْ

چپ ہوتے تب صحابہ کرام بولتے اور نہیں باہم جھگڑتے تھے باتوں میں ان کے ہاں اور جو

تَكَلَّمَ عِنْدَهٗٓ اَنْصَتُوْا لَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

آپ کے پاس کلام کرتا تو دوسرے اس کے لیے خاموش ہو جاتے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ لَمْ يَكُنْ فَحَّاشًا وَّلَا عَيَّابًا وَّلَا صَخَّابًا

آل محمد پر جو محبوب نہیں تھے فحش گو اور نہ عیب لگانے والے اور نہ شور کرنے والے

وَّلَا يَجْزِىْ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ وَلٰكِنْ يَّعْفُوْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور نہیں جزاء دیتے تھے برائی کی ساتھ برائی کے بلکہ عفو و درگزر فرماتے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ اَشَدَّ حَيَآءً مِّنَ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب زیادہ شرمیلے تھے

الْعَذْرَآءِ فِىْ خِدْرِهَا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

کنواری لڑکیوں سے جو اپنے پردوں میں ہوں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ جُلُّ ضَحِكِهِ التَّبَسُّمُ غَالِبًا وَبَدَتْ

آل محمد پر جس محبوب کا تمام تر ہنسنا صرف مسکراہٹ کی صورت میں تھا بالعموم اور آپ کی ڈاڑھیں مبارک نمودار ہوتیں

نَوَاجِذُهٗٓ اِذَا ضَحِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

جب کبھی ہنستے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اِذَآ اَشَارَ اَشَارَ بِكَفِّهٖ كُلِّهَا وَاِذَا تَعَجَّبَ

آل محمد پر جو محبوب جب اشارہ فرماتے تو پوری ہتھیلی کے ساتھ اشارہ فرماتے اور جب اظہار تعجب فرماتے

قَلَبَهٗ بِمَازِحٍ بِالصَّحَابَةِ وَلَا يَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا وَكَانَتْ قِرَآءَتُهٗ

تو ہتھیلی کو اُلٹا دیتے ۔ صحابہ کرام کے ساتھ مزاح فرماتے مگر صرف حق ہی فرماتے اور آپ کی قراءت میں

مَدًّا وَّمُفَسَّرًا حَرْفًا حَرْفًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

طولانی تھی اور ہر کلمہ الگ الگ ادا فرماتے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ اِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهٗ بَيْنَ

اور آل محمد پر جو محبوب عمامہ باندھتے تو اس کی طرفین کندھوں کے درمیان

كَتِفَيْهِ وَكَانَتْ سَوْدَآءَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

لٹکاتے اور وہ سیاہ رنگ ہوتا تھا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ اَحَبَّ الثِّيَابِ اِلَيْهِ الْقَمِيْصُ

اور آل محمد پر کہ جنہیں سب سے زیادہ جو کپڑا پسند تھا وہ قمیص

وَالْحِبَرَةُ وَكَانَ كُمُّ قَمِيْصِهٖٓ اِلَى الرُّسْغِ يَاْتَزِرُ اِلٰٓى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ

اور یمنی حاشیہ دار چادر تھی اور آپ کے قمیص کی آستینیں پہنچوں تک تھیں، آپ تہمد باندھتے آدھی پنڈلیوں

وَلُبْسُ خُفَّيْنِ اَلْاَسْوَدَيْنِ سَاذَجَيْنِ وَلِنَعْلَيْهِ قِبَالَانِ اَللّٰهُمَّ

تک اور آپ نے سیاہ رنگ سادہ موزے پہنے اور آپ کے جوتوں کے دو تسمے تھے (اگلے حصہ میں) اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جس محبوب کی

عَلٰى سَيْفِهٖ ذَهَبٌ وَّقَبِيْعَتُهٗ وَنَعْلُهٗ مِنْ فِضَّةٍ وَّمَا بَيْنَ ذٰلِكَ

تلوار پر سونا چڑھا ہوا تھا اور اس کے قبضہ کا کنارہ اور میان کا سرا چاندی کا تھا اور اس کے درمیان چاندی

حَلَقٌ مِّنْ فِضَّةٍ وَّيَتَخَتَّمُ فِىْ يَمِيْنِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کے حلقے تھے اور آپ انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ خَاتَمُهٗ مِنْ فِضَّةٍ فَصُّهٗ

محمد پر اور آل محمد پر جن کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور نگینہ بھی

مِنْهُ وَنَقْشُهٗ مُحَمَّدٌ سَطْرٌ وَّرَسُوْلُ سَطْرٌ وَّسْطَهٗ وَاللّٰهُ سَطْرٌ

اس کا تھا اور اس کا نقش ایک سطر محمد۔ دوسری سطر رسول اور تیسری اور اُوپر والی سطر اللہ تھی،

وَّعُلْيَا يَجْعَلُ الْفَصَّ مِمَّا يَلِىْ كَفَّهٗ لِتَرْكِ تَزْيِيْنِهٖ وَاِذَا دَخَلَ

آپ نگینہ کو کر دیتے ہتھیلی کی جانب ترک آرائش کی وجہ سے اور جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے۔

الْخَلَآءَ نَزَعَ خَاتَمَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

تو انگوٹھی اُتار لیتے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ يَقْعُدُ قُرْفُصَآءَ وَيَسْتَلْقِىْ

آل محمد پر جو محبوب بیٹھتے ا ہاتھوں سے حلقہ بنائے ہوئے پاؤں کے گرد اور چت لیٹتے

وَاضِعًا اِحْدٰی رِجْلَیْهِ عَلَی الْاُخْرٰی مُتَّكِئًا عَلٰی وِسَادَةٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ایک پاؤں کو دوسرے پر رکھے ہوئے گدے پر اوٹ لگائے ہوئے ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ كَانَ یُكْثِرُ دُهْنَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو سر مبارک پر تیل زیادہ

رَاْسِهٖ وَتَسْرِیْحَ لِحْیَتِهٖ وَخِضَابَ مِنْ حِنَّاءٍ وَّیَتَرَجَّلُ غِبًّا وَّیُحِبُّ

استعمال فرماتے اور ڈاڑھی مبارک میں کنگھی زیادہ کرتے اور مہندی کا خضاب لگاتے اور کبھی کبھی سر میں کنگھی کرتے اور پسند فرماتے

التَّیَمُّنَ فِی الطُّهُوْرِ وَالتَّنَعُّلِ وَالتَّرَجُّلِ وَلَا یَرُدُّ الطِّیْبَ وَیَتَعَطَّرُ

دائیں جانب سے آغاز طہارت میں اور جوتا پہننے میں اور کنگھی کرنے میں اور خوشبو کو رد نہیں فرماتے تھے اور کبھی کبھار خوشبو

غِبًّا وَّیَكْتَحِلُ كُلَّ لَیْلَةٍ عِنْدَ النَّوْمِ ثَلٰثَ اَمْیَالٍ فِیْ كُلِّ عَیْنٍ اَللّٰهُمَّ

استعمال فرماتے اور سرمہ استعمال فرماتے ہر رات سوتے وقت تین سلائیاں ہر آنکھ میں ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ سِرِّكَ

صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سین ہیں تیرے سر اور

بَیْنَ جَمِیْعِ اَفْرَادِ مَخْلُوْقَاتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

راز مخفی کی تیری مخلوقات کے تمام افراد میں ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِیْمِ مَمْلَكَتِكَ الْمُحِیْطَةِ بِمَعْلُوْمَاتِكَ

اور آل محمد پر جو محبوب میم ہیں تیری مملکت کے جو محیط ہے تیرے معلومات کو ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ سِرِّ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب تیرے

وُجُوْدِكَ وَمَظْهَرِ جُوْدِكَ وَخَزَانَةِ مَوْجُوْدِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِ جَبَرُوْتِكَ

وجود اقدس کا راز اور جود ونوال کا مظہر اور موجودات کا خزانہ اور شان جلال وجبروت کے امام بارگاہ ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُصَلِّیْ فِیْ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو نماز ادا کرنے والے ہیں

مِحْرَابِ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

قاب قوسین اوادنیٰ کی محراب وعبادت گاہ میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ خَصَّصْتَهٗ بِالنَّظْرِ اِلَیْكَ وَ

محمد پر اور آل محمد پر جنہیں تو نے مخصوص ٹھہرایا اپنے دیدار کے ساتھ اور

اَخْلَصْتَهٗ بِالسُّجُوْدِ بَیْنَ یَدَیْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

خالص ٹھہرایا اپنے سامنے سجود کے ساتھ ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِیْ جَعَلْتَ قُرَّةَ عَیْنَیْهِ فِی

محمد پر اور آل محمد پر کہ جس محبوب کی آنکھوں کی ٹھنڈک رکھی تو نے

الصَّلٰوةِ الْخَالِصَةِ لَدَیْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

نماز میں جو خالص ہے تیرے نزدیک ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُفْتَضِّ لِاِبْكَارِ اَسْرَارِ مُشَاهَدَاتِكَ

اور آل محمد پر جو واصل ہونے والے ہیں تیرے مشاہدات کے تازہ اسرار تک

بِمَقَامِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

بسبب اپنے مقام کے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

مُحَمَّدِ نِ الْمُقْتَنِصِ لِلَمَعَاتِ لَمَحَاتِ نَفَحَاتِ مُشَاهَدَتِكَ بِمَسْكَنِهٖ

جو محبوب شکار کرنے والے ہیں تیرے مشاہدہ کے چمکاروں، نظاروں اور مہکاروں کو بسبب اپنے مسکن عالی کے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

كَلِمَتِكَ الْعُلْیَا مِنْ حَیْثُ الْاِخْتِرَاعِ وَالْاِبْدَاعِ لِلِارْتِفَاعِ اَللّٰهُمَّ

جو محبوب تیرا بلند مرتبہ کلمہ ہیں از روئے اختراع کے اور ایجاد کے واسطے بلندی مرتبت کے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ عُرْوَتِكَ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب مضبوط و مستحکم

الْوُثْقٰى مِنْ حَيْثُ تَتَابُعِ الْاَتْبَاعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

وسیلہ ہیں (تیری ذات تک رسائی کا) ازروئے متبعین کے تسلسل کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ حَبْلِكَ الْمُعْتَصِمِ عِنْدَ الضِّيْقِ وَ

محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب تیری بچانے والی رسی ہیں وقت تنگی اور

الْاِتِّسَاعِ وَصِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ لِلْهِدَايَةِ وَالْاِتِّبَاعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

وسعت کے اور تیرا صراط مستقیم ہیں واسطے ہدایت و اتباع کے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُتَخَلِّقِ بِصِفَاتِكَ

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو موصوف ہیں تیری صفات کے ساتھ

وَالْمُسْتَغْرِقِ فِيْ مُشَاهَدَةِ ذَاتِكَ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَحَقِيْقَةِ الْحَقِّ اَللّٰهُمَّ

اور غرق ہونے والے ہیں تیری ذات برحق کے مشاہدہ میں ساتھ حق کے اور حق کی حقیقت کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ جَعَلْتَ كَلَامَكَ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر کہ تحقیق بنا دیا تو نے اپنے کلام کو

خُلُقَهٗ وَاَسْمَآئَكَ مَظْهَرَهٗ وَمَنْشَأَ كَوْنِكَ مِنْهُ وَاَنْتَ مَلْجَاُهٗ وَرُكْنُهٗ

ان کا خلق اور اپنے اسماء کا ان کو مظہر اور جگہ اپنے ظہور و جود کی ان سے اور تو ہی ان کا ملجاء و ماویٰ اور سہارا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّلَاٰكَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر کہ تیری بلند مرتبہ جماعت ملائکہ

الْاَعْلٰى عِصَابَتُهٗ وَنُصْرَتُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ان کی جماعت ہے اور مددگار۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ مِنْهُ ابْتُدِئَتِ الْمَعْلُوْمَاتُ وَاِلَيْهِ

اور آل محمد پر کہ اسی محبوب سے ابتداء ہوئی معلومات (کے وجود) کی اور وہی ہیں

غَايَةُ الْغَايَاتِ وَاَقَمْتَ الْحُجَجَ عَلَى الْمَخْلُوْقَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

سب غایتوں کی غایت اور قائم کیا تو نے دلائل کو اپنی مخلوقات پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَمِيْنِكَ وَخَازِنِ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو تیرے امین اور علم کے ذخیرہ

عِلْمِكَ وَحَامِلِ لِوَآءِ حَمْدِكَ بِسْمِ اللّٰهِ النُّوْرِ وَنُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ وَّ

کرنے والے اور تیرے (عطا کردہ) لواء حمد کے اٹھانے والے ہیں۔ ساتھ نام اللہ کے جو سراسر نور ہے اور نور علیٰ نور ہے اور

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ

سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے پیدا فرمایا آسمانوں کو اور زمینوں کو اور پیدا فرمایا تاریکیوں کو اور نور کو

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ النُّوْرَ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ عَلٰى جَبَلِ الطُّوْرِ فِيْ

حمد ہے اللہ کے لیے جس نے پیدا فرمایا نور کو اور نازل فرمایا توریت کو کوہ طور پر

كِتَابٍ مَّسْطُوْرٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بِالْغِنَآءِ مَذْكُوْرٌ وَّبِالْعِزَّةِ وَ

لکھی ہوئی کتاب (کی صورت) میں اور حمد ہے اللہ کے لیے جو غناء کے ساتھ ذکر کیا ہوا ہے اور عزت

الْجَلَالِ مَشْهُوْدٌ وَعَلَى السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ مَشْكُوْرٌ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

جلال کے ساتھ شہادت دیا ہوا ہے اور مسرت و مضرت و نقصان پر شکر کیا ہوا ہے اور حمد ہے اللہ کے لیے جس نے

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا اور ظلمتوں اور نور کو پیدا فرمایا پھر کفر کرنے والے

بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝ يَا حَيُّ يَا حَرُّ يَا حَفِيُّ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ حٰمٓعٓسٓقٓ اِيَّاكَ

اپنے رب کے ساتھ (دوسروں کو) شریک ٹھہراتے ہیں۔ اے دائمی حیات والے۔ اے پناہ سراسر۔ اے مہربان کٓهٰيٰعٓصٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ تیری ہی

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ

عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے توفیق طلب کرتے ہیں اے پائندہ و پائیدار اللہ مہربان ہے اپنے بندوں کے ساتھ رزق دیتا ہے جس

يَّشَآءُ ۝ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ يَا كَافِيْ كُلِّ شَيْءٍ اِكْفِنِيْ فَاصْرِفْ عَنِّيْ

کو چاہے اور وہی توانا و غالب ہے۔ اے ہر شئ کو کفایت کرنے والے مجھے بھی کفایت فرما پس پھیر دے مجھ سے

كُلَّ شَيْءٍ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَشْكُرُكَ

ہر (مضر و مخالف) شئ، تیرے ہی ہاتھ میں خیر ہے، بیشک تو ہر شئ پر قادر مطلق ہے۔ اے اللہ بے شک میں تیرا شکر ادا کرتا

فِیْ قَلْبِیْ بِشِدَّۃِ مَدِّ وَّمِزَاجِ السَّقِیِّ وَسِرَاجِ الْقَوِیِّ وَمِعْرَاجِ الْحَفِیِّ مِنْ

ہوں اپنے دل میں پوری قوت کے ساتھ اور بارش والے بادل کی آمیزش اور مضبوط چراغ اور مشفق و مہربان کے جھکاؤ اور

اَلْطَافِ الْخَفِیِّ الْخَفِیِّ الْخَفِیِّ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

میلان کے ساتھ جو مخفی ذات کے مخفی الطاف سے ہے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ لِوَآءِ الْحَمْدِ اَللّٰھُمَّ لَکَ

محمد پر اور آلِ محمد پر جو محبوب لواء الحمد کے مالک ہیں۔ اے اللہ تیرے لیے

اَلْحَمْدُ عَلٰی مَا جَعَلْتَنِیْ مِنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھُوَ اَفْضَلُ

حمد ہے مجھے محمد کریم کی اُمّت میں پیدا کرنے پر صلی اللہ علیہ وسلم جو افضل ہیں

بَنِیْ اٰدَمَ الَّذِیْنَ کَرَّمْتَھُمْ وَحَمَلْتَھُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْتَھُمْ مِّنَ

تمام نبی آدم سے جنہیں تو نے عزّت دی اور انہیں سوار کرایا خشکی اور تری میں اور انہیں پاکیزہ اشیاء سے

الطَّیِّبَاتِ وَفَضَّلْتَھُمْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْتَھُمْ تَفْضِیْلًا سَمِیْعًا بَصِیْرًا

رزق دیا اور انہیں فضیلت دی اپنی مخلوقات میں سے بہتیری مخلوق پر فضیلت کاملہ درآنحالیکہ میں سننے والا، دیکھنے والا

صَحِیْحًا سَوِیًّا سَالِمًا مُعَافًا وَّلَمْ تَشْغُلْنِیْ بِنُقْصَانٍ فِیْ بَدَنِیْ وَلَمْ

تندرست کامل اعضاء والا، سالم و عافیت والا ہوں اور تو نے مجھے مشغول نہیں فرمایا میرے بدنی نقصان میں اور نہ

تَمْنَعْنِیْ کَرَامَتَکَ اِیَّایَ وَحُسْنَ صَنِیْعِکَ عِنْدِیْ وَفَضْلَ مَنَآئِحِکَ

روکی مجھ سے اپنی تکریم میرے لیے اور اپنا حسن سلوک میرے ہاں اور بہتر عطیات اپنے جو میرے

لَدَیَّ وَنَعْمَآئِکَ وَسِعَتْ عَلَیَّ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ اَوْسَعْتَ عَلَیَّ فِی الدُّنْیَا

پاس ہیں اور تیری نعمتیں مجھ پر وسیع ہیں، تو ہی اللہ ہے جس نے وسیع کیا مجھ پر دُنیا اور

وَالْاٰخِرَۃِ رِزْقَکَ وَرَحْمَتُکَ وَفَضَّلْتَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّنْ خَلْقِکَ تَفْضِیْلًا

آخرت میں اپنا رزق اور رحمت اور تو نے فضیلت دی مجھے اپنی بہتری مخلوق پر فضیلت کاملہ

فَجَعَلْتَ لِیْ سَمْعًا یَّسْمَعُ اٰیَاتِکَ وَعَقْلًا یَّفْھَمُ اِیْمَانَکَ وَبَصَرًا یَّرٰی

پس تو نے مجھے کان دئے جو تیری آیات کو سُنیں اور عقل بخشی جو تجھ پر ایمان کو سمجھے اور آنکھیں جو دیکھیں

قُدْرَتَکَ وَفُؤَادًا یَّعْرِفُ عَظْمَتَکَ وَقَلْبًا یَّعْتَقِدُ تَوْحِیْدَکَ فَاِنِّیْ

تیری قدرت کو اور دل جو سمجھے تیری قدرت کو اور قلب جو اعتقاد رکھے تیری توحید کا کیوں کہ میں

بِفَضْلِکَ عَلَیَّ حَامِدٌ لَّکَ وَلَکَ نَفْسِیْ شَاکِرَۃٌ وَّلِحَقِّکَ شَاھِدَۃٌ

اپنے اُوپر تیرے فضل و کرم کی وجہ سے تیرا ثنا خوان ہوں اور میرا نفس تیرا شکر گزار ہے اور تیرے حق کا مشاہدہ کرنیوالا ہے

فَاِنَّکَ حَیٌّ قَبْلَ کُلِّ حَیٍّ وَّحَیٌّ بَعْدَ کُلِّ حَیٍّ وَّحَیٌّ بَعْدَ کُلِّ مَیِّتٍ وَّحَیٌّ

پس تحقیق تو زندہ تھا ہر زندہ سے پہلے اور زندہ ہے ہر زندہ کے بعد اور زندہ رہے گا ہر میّت کے بعد اور ایسا زندہ

لَّمْ تَرِثِ الْحَیٰوۃَ مِنْ کُلِّ حَیٍّ وَّلَمْ تَقْطَعْ خَیْرَکَ عَنِّیْ فِیْ کُلِّ وَقْتٍ وَّ

ہے کہ نہیں وارث ہوا زندگی کا کسی زندہ سے اور تو نے قطع نہیں فرمائی اپنی خیر اور بھلائی مجھ سے کسی وقت اور

لَمْ تُنْزِلْ بِیْ عُقُوْبَاتِ النِّقَمِ وَلَمْ تَمْنَعْ عَنِّیْ دَقَآئِقَ الْعَظِیْمِ وَلَمْ

نہیں اُتاریں مجھ پر انتقاموں کی عقوبتیں اور نہیں روکے مجھ سے عظیم اور نہ

تُغَیِّرْ عَلَیَّ وَثَآئِقَ النِّعَمِ فَلَمْ اَذْکُرْ مِنْ اِحْسَانِکَ اِلَّا عَفْوَکَ عَنِّیْ وَ

تبدیل فرمائے مجھ پر نعمتوں کی سندیں اور وثیقے پس میں اگر نہ بھی یاد رکھوں تیرے احسانات میں سے مگر تیری

التَّوْفِیْقَ لِیْ وَالْاِسْتِجَابَۃَ لِدُعَآئِیْ حِیْنَ رَفَعْتُ صَوْتِیْ بِتَوْحِیْدِکَ

عفو و درگزر کو اور مجھے توفیق بخشنا اور میری دُعا کو قبول فرمانا جب میں نے بلند کی اپنی آواز تیری توحید

وَتَحْمِیْدِکَ وَتَمْجِیْدِکَ وَتَسْبِیْحِکَ وَتَھْلِیْلِکَ وَاِلٰی فِیْ تَقْدِیْرِکَ

و تحمید اور تمجید و تسبیح اور تہلیل کے ساتھ اور سوائے تیرے مقدر فرمانے کے میری تخلیق کو

خَلْقِیْ حِیْنَ صَوَّرْتَنِیْ فَاَحْسَنْتَ صُوَرَتِیْ یَا مُصَوِّرُ یَا خَالِقُ وَاِلَّا

جب تو نے میری صورت بنائی پس اسے حسین بنایا اے مصور۔ اے خالق اور ماسوائے

فِیْ قِسْمَۃِ الْاَرْزَاقِ حِیْنَ قَدَّرْتَھَا لِیْ لَکَانَ فِیْ ذٰلِکَ مَا یَشْغَلُ شُکْرِیْ

تقسیم فرمانے کے رزقوں کو جبکہ تو نے ان کو مقدر فرمایا میرے لیے تو البتہ ہوگا ان میں میرے شکر کی مشغولیت اور خاتمہ

عَنْ جُھْدِیْ فَکَیْفَ اِذَا فَکَّرْتُ فِی النِّعَمِ الْعِظَامِ الَّتِیْ اَتَقَلَّبُ فِیْھَا

میری مشقت اور سعی کے باوجود پس کیا حال ہوگا میرا جب میں غور و فکر کروں گا ان عظیم نعمتوں میں جن میں گردش کر رہا ہوں

وَلَآ اَبْلَغُ شُكْرَ شَيْءٍ مِّنْهَا فَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ مَا حَفِظَهٗ عِلْمُكَ وَعَدَدَ

اوران میں سے کسی ایک کا بھی شکر ادا نہیں کر سکتا پس تیرے لیے ہی حمد ہے مطابق ان اعداد کے جنہیں تیرا علم محفوظ کئے ہوئے

مَا وَسِعَتْهُ رَحْمَتُكَ وَعَدَدَ مَآ اَحَاطَتْ بِهٖ قُدْرَتُكَ وَاَضْعَافَ مَا

اور مطابق ان کے جنہیں محیط ہے تیری رحمت اور مطابق تعداد ان کے جنہیں محیط ہے تیری قدرت اور کئی گنا زائد اس سے جس کا

تَسْتَوْجِبُهٗ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ فَتَمِّمْ اِحْسَانَكَ عَلَيَّ فِيْمَا

تو مستحق ہے تمام مخلوقات کی طرف سے ۔ اے اللہ پس کامل فرما مجھ پر اپنے احسان کو میری

بَقِيَ مِنْ عُمْرِيْ كَمَآ اَحْسَنْتَ اِلَيَّ فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

بقیہ عمر میں جیسے کہ تو نے احسان فرمایا مجھ پر گزری عمر میں ۔ اے اللہ تیرے لیے ہی حمد ہے

حَمْدًا كَثِيْرًا خَالِدًا مَّعَ خُلُوْدِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ

بہت زیادہ حمد جو ہمیشہ رہنے والی ہو تیری بقاء اور خلود کے ساتھ اور تیرے لیے ہی حمد ہے جس کا منتہا نہیں ہے بغیر

عِلْمِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا جَزَآءَ لِقَآئِلِهٖٓ اِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ

تیرے علم کے اور تیرے لیے ہی حمد ہے کہ نہیں جزاء اس کے قائل کے لیے سوائے تیری رضا کے اور تیرے لیے ہی حمد ہے

حَمْدًا لَّا اَمَدَ لَهٗ دُوْنَ مَشِيْئَتِكَ اِلٰهِيْٓ اَحْمَدُكَ وَاَنْتَ لِلْحَمْدِ اَهْلٌ

کہ نہیں انتہاء اس کی بغیر تیری مشیت کے ۔ اے میرے الٰہ میں تیری حمد کرتا ہوں اور تو حمد کے لائق ہے

عَلٰى حُسْنِ صَنِيْعِكَ اِلَيَّ وَسُبُوْغِ نَعْمَآئِكَ عَلَيَّ وَجَزِيْلِ عَطَآئِكَ

میرے ساتھ اچھے سلوک پر اور کامل انعامات دینے پر اور عظیم عطیات پر میرے نزدیک اور اس پر

عِنْدِيْ وَعَلٰى مَا فَضَّلْتَنِيْ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَسْبَغْتَ عَلَيَّ مِنْ نِّعْمَتِكَ

جو تو نے مجھے فضیلت دی اپنی رحمت سے اور کامل کیں مجھ پر اپنی نعمتیں پس

فَقَدِ اصْطَنَعْتَ بِيْ مَا يَعْجِزُ عَنْهُ شُكْرِيْ وَلَوْلَآ اِحْسَانُكَ اِلَيَّ وَسُبُوْغُ

تحقیق تو نے میرے ساتھ ایسا اچھا سلوک کیا کہ قاصر ہے اس سے میرا شکر، اگر نہ ہوتا تیرا احسان مجھ پر اور نعمتوں کی

نَعْمَآئِكَ عَلَيَّ لَمَا بَلَغْتُ اِحْرَازَ حَظِّيْ وَلَآ اِصْلَاحَ نَفْسِيْ وَلٰكِنَّكَ

تکمیل تو میں نہ پہنچ سکتا اپنے حصہ کو جمع کرنے اور اپنے نفس کی اصلاح تک بھی لیکن تو نے ہی

اِبْتَدَاْتَنِيْ بِالْاِحْسَانِ وَرَزَقْتَنِيْ فِيْ اُمُوْرِيْ فَاجْعَلْنَا يَا رَبَّنَا مِنَ

مجھ پر احسان کی ابتداء و فرمائی اور مجھے میرے امور میں (امداد) فراہم کی پس بنا ہمیں اسے پروردگار

الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ وَنُوْحٍ وَّاسْلُكْ بِنَا سَبِيْلَ اَئِمَّةِ الْمُتَّقِيْنَ

نیکوکاروں سے حضرت آدم اور حضرت نوح علیہما السلام کی ذریت کے نیکوکاروں سے اور ہمیں چلا متقین کے ائمہ کی راہ پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ

اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب کان اور معدن

سِرِّكَ وَمَظْهَرِ عِزِّكَ وَنُقْطَةِ دَآئِرَةِ مُلْكِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

ہیں تیرے راز کی اور مظہر ہیں تیری عزت کا اور مرکزی نقطہ ہیں تیرے ملک کے دائرہ کا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّحِيْطِهٖ وَمُرَكَّبِهٖ وَبَسِيْطِهٖ اَللّٰهُمَّ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب تیرے ملک کو محیط ہیں اور اس کے مرکب و بسیط رکن بھی ہیں ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُنْفَرِدِ بِالْمَشْهَدِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب منفرد ہیں ساتھ بلند تر مقام مشاہدہ کے

الْاَعْلٰى وَالْمَوْرِدِ الْاَحْلٰى وَالطَّوْرِ الْاَجَلِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور شیریں تر محل ورود کے اور روشن ترین طور کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النُّوْرِ الْاَسْنٰى وَالْمُخْتَصِّ فِيْ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب روشن ترین نور ہیں اور مختص ہیں

حَضْرَةِ الْاَسْنٰى بِالتَّمَامِ الْاَسْنٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

بلند مرتبت بارگاہ میں ساتھ کامل و اکمل علو و رفعت کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النُّوْرِ الْاَبْهٰى وَالسِّرِّ الْاَحْمٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

آل محمد پر جو روشن ترین نور اور محفوظ ترین راز ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّشْاَةِ الْحَبِيْبِيَّةِ وَالشَّجَرَةِ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جن کی پیدائش محبوبانہ انداز پر ہے اور عالم بالا کے نونہال ہیں

الْعُلْوِيَّةِ الثَّابِتِ اَصْلُهَا فِيْ مَعَادِنِ هَيْبَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جس کی جڑیں راسخ وثابت ہیں تیری ہیبت و جلالت کی کانوں میں ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الشَّجَرَةِ السَّامِيْ فَرْعُهَا فِيْ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب ایسے درخت ہیں کہ جس کی شاخیں بلند ہونے والی ہیں

سُرَادِقَاتِ عَظْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

تیری عظمت کے خیموں تک ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ مِشْكٰوةِ جِسْمِهٖ وَمِصْبَاحِ قَلْبِهٖ وَزُجَاجَةِ عَقْلِهٖ وَكَوْكَبِ

محمد پر اس محبوب کے جسم والے طاق اور قلب والے چراغ اور عقل والے شیشہ اور راز مخفی والے

سِرِّهٖ وَالْمُوْقَدِ مِنْ شَجَرَةِ اَصْلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ستارے پر اور روشن کئے ہوئے چراغ پر ان کے اصل و آباء کے زیتونی درخت سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُقَاضِ عَلَيْهِ مِنْ نُّوْرِ رَبِّهٖ نُوْرًا عَلٰى نُوْرٍ

اور آل محمد پر جس محبوب پر فیضان کیا گیا ہے ان کے رب کے نور سے نور ہی نور کا ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الضَّمِيْرِ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب مانند ضمیر

الْبَارِزِ الْمَسْتُوْرِ فِي النُّوْرِ الثَّانِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

بارز کے ہیں جو مستتر ہے نور ثانی میں ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَضْرُوْبِ بِهِ الْمِثَالُ فِيْ عَالَمِ الْمِثَالِ اَللّٰهُمَّ

اور آل محمد پر جن کی مثال بیان کی گئی ہے (از روئے لطافت ذات کے) عالم مثال میں ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ نَوَّرَتْ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر کہ جس محبوب کے نور کی بدولت

بِنُوْرِهٖ مَلَكُوْتُ سَمٰوٰتِكَ وَاَرْضِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

منور ہو گئی تیری آسمانوں اور زمین کی سلطنت ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ كَوَّنْكَ فِيْهَا

محمد پر اور آل محمد پر کہ جن کے نور کی کیفیت مانند تیرے جہان کے طاق کے ہے جس میں

مِصْبَاحٌ مِّنْ نُّوْرِهٖ وَالْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ اَجْسَامِ اَنْبِيَآئِكَ وَمَلٰٓئِكَتِكَ

چراغ ہے ان کے نور سے اور وہ چراغ تیرے انبیاء و ملائکہ اور رسولوں کے اجسام کے

وَرُسُلِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

شیشہ میں ہے ۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدِنِ الزُّجَاجَةِ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ اَصْلِهٖ اَللّٰهُمَّ

پر جو محبوب سراسر شیشہ ہیں (چراغ کا) گویا کہ وہ چمکتا ستارہ ہے (جس کے اندر روشنی کی جاتی ہے ان کے اصل و نسب کے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الَّذِيْ هُوَ

درخت سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو سراپا نور ہیں جس کا ان پر

الْمُفَاضُ عَلَيْهِ مِنْ فَيْضِ اَسْمَآئِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

فیضان کیا گیا ہے تیرے اسماء کے فیض سے ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الْبَارِزِ الْمَسْتُوْرِ الْبَاهِرِ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب سراسر نور ہیں جو ظاہر بھی ہے اور مستور بھی اور غالب

الْمَشْهُوْرِ الَّذِيْ بَهَرَتْ بِهٖ كُلِّيَّةُ الْكَوْنَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

و مشہور کہ جن کی بدولت ظاہر ہوئی دونوں جہان کی کلیت اور حقیقت ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْكَمَالِ الْاَنْوَرِ الْاَبْهٰى

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب مجسم کمال ہیں کہ جو بہت نورانی اور روشن ہے ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ مَهْبِطِ تَجَلِّيَاتِ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب محل نزول ہیں

الْكَمَالَاتِ الْاِلٰهِيَّةِ وَمَوَاقِعِ نُجُوْمِ الْاَسْرَارِ الْجَمَالِيَّةِ وَالْجَلَالِيَّةِ

کمالات الٰہیہ کی تجلیات کا اور مقامات ہیں اسرار جمالیہ و جلالیہ کے ستاروں کے گرنے اور کم ہونے کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ اللَّطِيْفِ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو لطیف ہیں

بِلَطَآئِفِ شَمَآئِلِ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ يَا لَطِيْفُ

رؤف ورحیم جل و علی کے لطیف اخلاق واوصاف کے بسبب۔ اے اللہ بیشک میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے لطیف

قَبْلَ كُلِّ لَطِيْفٍ وَّيَا لَطِيْفُ بَعْدَ كُلِّ لَطِيْفٍ يَا لَطِيْفُ يَا لَطِيْفُ يَا لَطِيْفُ

ہر لطیف سے قبل اور اے لطیف بعد ہر لطیف کے، اے لطیف، اے لطیف، اے لطیف

لَطُفْتَ بِخَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَسْئَلُكَ يَا رَبِّ كَمَا لَطُفْتَ بِيْ

تیری لطافت ظاہر ہوئی آسمانوں اور زمین کی تخلیق سے، میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے میرے رب جیسے تو نے مجھ پر مہربانی فرمائی

فِيْ ظُلُمَاتِ الْاَحْشَآءِ اُلْطُفْ بِيْ فِيْ قَضَآئِكَ وَقَدَرِكَ وَفَرِّجْ عَنِّيْ

انتڑیوں کی تاریکیوں میں ہوتے ہوئے مجھ پر مہربانی فرما اپنی قضاء وقدر میں اور دور فرما مجھ سے

الضِّيْقَ وَلَا تُحَمِّلْنِيْ مَالَآ اُطِيْقُ بِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى

تنگی اور مجھ سے نہ اٹھوا جس کی میں طاقت نہیں رکھتا بطفیل عزت وحرمت سیدنا محمد صلی اللہ تعالے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِيْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَا لَطِيْفُ اُلْطُفْ بِيْ

علیہ وسلم کے اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اے مہربان مجھ پر مہربانی فرما ساتھ مخفی

بِخَفِيِّ الْخَفِيِّ اِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ

شفقت کے بیشک تو نے فرمایا اور تیرا قول برحق ہے۔ اللہ مہربان ہے اپنے بندوں کے ساتھ رزق دیتا ہے

مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۚ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

جسے چاہے اور وہی توانا وغالب ہے۔ ہمیں کافی ہے اللہ اور وہ اچھا کارساز ہے اور تمام حمدیں اللہ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ يَا لَطِيْفُ اَغِثْنَا وَاَدْرِكْنَا بِحَقِّ لُطْفِكَ الْخَفِيِّ

رب العالمین کے لیے ہیں۔ اے اللہ، اے لطیف ہماری فریاد رسی فرما اور ہمارا احاطہ فرما بطفیل اپنے مخفی اور مشفق

الْخَفِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

لطف کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو

الْكَرِيْمِ بِاَكْرَامِ فَضَآئِلِ مَكَارِمِ الْبَرِّ الْكَرِيْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

جو کریم ہیں بسبب محسن کریم کے اکرام و فضائل کے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَاطِعَةِ الْاَنْوَارِ وَ

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو غالب انوار والے اور

مُعَطِّرَةِ الْوُجُوْدِ بِرَوَآئِحِ الْجُوْدِ الْاِلٰهِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

معطر وجود والے ہیں بسبب جود الٰہی کی خوشبوؤں کے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ غِبْطَةِ الْحَقِّ وَعُمْدَةِ الْخَلْقِ

سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب حق پرستی میں قابل رشک اور تمام مخلوق سے عمدہ وبہتر

وَاِسْمِ الْاَعْظَمِ وَالْاَرْحَمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور اسم اعظم ہیں اور بہت رحم والے۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ثَمَرَةِ شَجَرَةِ النُّبُوَّةِ وَمَعْدَنِ السِّرِّ الْوَلَايَةِ الْعَلَوِيَّةِ

آل محمد پر جو درخت نبوت کا پھل ہیں اور ولایت علویہ کے معدن راز ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّتَبِّعٍ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب جوانمردی

عَيْنِ الْفُتُوَّةِ وَسُحُبِ سَمَآءِ مَكَارِمِ الْعَمِيْمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کے چشمہ کا منبع ہیں اور مکارم اخلاق کاملہ کے آسمان کے بادل ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُتَحَقِّقِ بِحَقَآئِقِ اَخْلَاقِ

فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو محبوب اخلاق عظیمہ کے حقائق کے ساتھ متحقق

الْعَظِيْمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

ومتصف ہیں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر

ضَوْءِ شَمْسِ صَبَاحِ الْاِهْتِدَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو صبح ہدایت کے آفتاب کی ضیاء ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر

وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَوَاطِفِ الْکَرَمِ وَفَوَاتِحِ الْجُوْدِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

اور آلِ محمّد پر جو محبوب سراسر کرم کی شفقتیں اور جود کے آغازات ہیں۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اُولِی الْاِسْتِقَامَۃِ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آلِ محمّد پر جو محبوب صاحب استقامت ہیں

فِی الْمَسْتُوْرِ الْاَزْھٰی وَمَرْکَبِ الْعِزِّ لِعَرَآئِسِ السُّعَدَآءِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

مزین و آراستہ پوشیدہ جہان میں اور عزّت والی جماعت ہیں سواروں کی واسطے نیک بختوں کی دلہنوں کے۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْاُفُقِ الْمُبِیْنِ ط

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آلِ محمّد پر جو محبوب واضح اور روشن افق ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُبَرَّۃِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آلِ محمّد پر جو محبوب سراسر

الْجَامِعَۃِ وَالْوَلِیِّ بِالذَّاتِ الْمُکَمَّلَۃِ وَرَحْمَۃِ الْوَاسِعَۃِ الْمُرْسَلَۃِ

جامع و کامل نیکی و احسان ہیں اور صاحب تصرف ہیں ساتھ مکمل ذات اور وسیع و محیط بھیجی ہوئی رحمت کے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَامِعِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آلِ محمّد پر جو محبوب احدیت

لِجَمِیْعِ اَسْرَارِ تَوْحِیْدِ الْاَحَدِیَّۃِ وَالْقَآئِمِ بِاَوْصَافِ الْعُبُوْدِیَّۃِ اَللّٰھُمَّ

کے تمام اسرار توحید کے جامع ہیں اور قائم و پائندہ ہیں ساتھ عبودیت کے اوصاف کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمَخْصُوْصِ

صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آلِ محمّد پر جو مخصوص ہیں

بِالْوَحْدَانِیَّۃِ الْمُطْلَقَۃِ وَالْمُخْبِرِ عَنِ الْغُیُوْبِ الْیَقِیْنِیَّۃِ الْمُحَقَّقَۃِ

ساتھ وحدانیت مطلقہ کے اور خبریں دینے والے ہیں یقینی محقق غیوب کی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَاعِی الْجَمِیْعِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آلِ محمّد پر جو سب کو دعوت دینے والے ہیں

بِکَلِمَۃِ التَّوْحِیْدِ مِنَ الْکَثْرَۃِ اِلٰی وَحْدَۃِ الْوَحْدَۃِ ھُوَ الْوَحْدَۃُ فِیْ

کلمۂ توحید کی کثرت سے وحدۃ الوحدت کی طرف جو کہ وحدت ہے

کَثْرَۃِ الْکَثْرَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

کثرت الکثرت میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آل

مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِکَ وَمَعْدَنِ اَسْرَارِکَ وَلِسَانِ حُجَّتِکَ وَعَرُوْسِ

محمّد پر جو تیرے انوار کے سمندر اور اسرار کی کان اور حجت کی زبان اور تیری مملکت کے

مَمْلَکَتِکَ وَخَزَآئِنِ رَحْمَتِکَ الْمُتَلَذِّذِ بِمُشَاھَدَتِکَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

دولہا اور تیری رحمت کے خزانے ہیں جو لذت اندوز ہیں تیرے مشاہدہ کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمِیْمِ الْمَعْرِفَۃِ وَ

و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آلِ محمّد پر جو معرفت کی میم اور

حَآءِ الرَّحْمَۃِ وَمِیْمِ الْمُلْکِ وَدَالِ الدَّوَامِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

رحمت کی حاء اور ملک کا میم اور دوام کی دال ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ دُرِّ الْبَرَکَۃِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

سیّدنا محمّد پر اور آلِ محمّد پر جو برکت والا موتی ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَشْرَفِ مَوْجُوْدٍ وَّاَفْضَلِ

نازل فرما سیّدنا محمّد اور آلِ محمّد پر جو محبوب بزرگتر موجود اور افضل ترین

مَوْلُوْدٍ وَّاَکْرَمِ مَخْصُوْصٍ وَّمَحْمُوْدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

مولود ہیں اور مکرم ترین مخصوص و محمود ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ لَہُ التَّفْضِیْلُ عَلٰی جُمْلَۃِ مَخْلُوْقَاتِکَ

محمّد پر اور آلِ محمّد پر جس محبوب کو فضیلت دی گئی ہے تمام مخلوقات پر۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحِ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آلِ محمّد پر جو مشکل کشا

الطَّيِّبِ الطَّاهِرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

اور طیب وطاہر ہیں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ مُرَادِ الْاِرَادَاتِ وَالْمُكَرَّمِ بِالْكَرَامَاتِ وَالْمُؤَيَّدِ بِالنَّصْرِ وَالسَّعَادَاتِ

پر جو تمام ارادوں کی مراد ہیں اور مکرم ہیں بسبب بزرگیوں اور برتریوں کے اور تقویت دئے گئے ہیں ساتھ نصرت اور سعادتوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ السِّرِّ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جو مجسم راز ہیں۔

الظَّاهِرِ وَالنُّوْرِ الْبَاطِنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اور ظاہر بھی اور مجسم نور ہیں مگر باطن بھی۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْجَامِعِ لِجَمِيْعِ الْحَضَرَاتِ وَبِهٖ خَتَمَ اللّٰهُ النُّبُوَّةَ

آل محمد پر جو جامع ہیں تمام بھلائی کے پہلوؤں کے اور انہیں کے ذریعے اللہ نے نبوت ورسالت

وَالرِّسَالَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

کا سلسلہ ختم فرمایا۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْعَيْنِ الْعِنَايَةِ وَالْفَاتِحِ لِكُلِّ شَاهِدٍ مِّنْ حَضْرَةِ الْمُشَاهَدَاتِ

پر جو چشم عنایت کا نور ہیں اور انکشاف کرنے والے ہیں واسطے ہر مشاہدہ والے کے مشاہدات اور

وَالْكَمَالَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا

کمالات کی بارگاہ کا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ اَسْرٰى بِجِسْمِهِ الشَّرِيْفِ وَرُوْحِهِ الْاَقْدَسِ الْعَالِيْ

پر جنہوں نے معراج فرمائی جسم شریف کے ساتھ اور مقدس و برتر روح کے ساتھ

اِلٰى اَعْلَى الْكَمَالَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اعلیٰ ترین کمالات تک۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِيْ خَاطَبَهٗ رَبُّهٗ وَاَكْرَمَهٗ بِالتَّحِيَّاتِ اَللّٰهُمَّ

آل محمد پر جن سے خطاب کیا ان کے رب تعالیٰ نے اور مکرم فرمایا ساتھ تحیات وتحائف کے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَنْفَاسِهِمْ

صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر مطابق تعداد ان کے سانسوں کے

وَاَلْفَاظِهِمْ وَاَلْحَاظِهِمْ وَعَدَدَ كُلِّ نَسَمَةٍ خَلَقْتَهَا فِيْهِمْ مِّنْ يَّوْمٍ

اور الفاظ کے اور آنکھوں سے دیکھنے کے اور مطابق تعداد ہر نفس کے جسے تو نے ان میں پیدا کیا

خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اَلْفَ مَرَّةٍ وَعَدَدَ السَّحَابِ

تخلیق دنیا کی ابتداء سے روز قیامت تک ہر دن میں ہزار بار اور مطابق تعداد

